آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت

علم الوظائف

تسخیر محبوب و رزق وظائف

ماں کی عظمت والد کا مقام

آئینہ قسمت
ستمبر 2011ء

شرفِ زحل

اور
مال زحل



زحل کا مصوری خاکہ



چاند کا مصوری خاکہ

سب کیلئے وقتِ تحفظ نحوست زحل (ساڑھ ستی) آ گیا

یہ مضمون سفر امریکہ اور حجازِ مقدس کے دورانِ تخلیق پایا - از قلم شاہ زنجانی

بحکم الٰہی علم نجوم اربع عناصر کی صفات رکھنے والا نہایت ہی پیارا لطیف آگاہی دینے والا علم ہے۔ اہل ہندا سے ویدا ساگر یعنی تمام علوم کی ماں قرار دیتے ہیں۔ ماں ہی ہر بچہ کی ابتدائی درسگاہ ہے۔ نحس اکبر ستارہ زحل جس سے ایک دنیا ڈرتی ہے۔ روز مرہ مشاہدہ ہے، منجمین، عاملین، کاملین نظر بد، جادو ٹونہ کے ساتھ عموماً ستارہ زحل کی نحوست کا اپائے (روحانی تدارک) کر کے اپنے سائلین اور اپنے پیاروں کو زحل کی سختی خصوصاً ساڑھ ستی سے محفوظ رکھنے کے لیے کوئی نہ کوئی عمل اپنے بہترین علم کی روشنی میں کر رہے ہوتے ہیں۔ نظر بد کا کوئی مناسب وموافق صدقہ دیں تو وہ دور ہو جاتی ہے۔ جادو ٹونہ کا بھی معین وقت ہونے پر کسی مرشد کامل یا پھر بزرگ روحانی کی دعاؤں سے یا پھر چاروں قل کا وِرد کرنے سے کچھ دنوں بعد جادو بھی دور ہو جاتا ہے یا پھر حاسدین کی جانب سے ایک دو تین سالوں میں اپنی معین مدت کے بعد کیے گئے جادو کی نحوست سے بھی نجات مل جاتی ہے۔ مگر ستارہ زحل کی نحوست کو کیا کہیے جو ستم گری کی بارش بن کر برسنے لگتی ہے اور کسی بھی فرد کو معاف نہیں کرتی۔ طالع سے پیچھے ڈھائی سال طالع میں ڈھائی سال اور طالع سے آگے ڈھائی سال ملا کر کل 7½ سال (ساڑھ ستی) نحوست زحل کی آگاہی نہ ہونے سے انسان کو عرش سے فرش پر لے آتی ہے۔ اس کی پاکستان میں مثال جناب نواز شریف، آصف زرداری، بے نظیر صاحبہ، صدر جنرل پرویز مشرف کے علاوہ اے کیو خان کی آپ کے سامنے ہے۔ جتنی بڑی شخصیت عزت اتنی ہی بڑی تنزلی ستارہ زحل کی نحوست ایام ساڑھ ستی دیتے ہیں۔ طلبہ نجوم ان شخصیات کے زائچہ بنا کر بہ آسانی اس بات کو سمجھ سکتے ہیں۔

29½ سال بعد ستارہ زحل کا اپنے شرفی مقام پر آنا اور عین اس وقت شمس کے قریب آ جانے سے زحل کے غروب تحت الشعاع ہونے کا کیسے استقبال کیا جائے؟ یہی نقطہ سوچتے ہوئے 8 جولائی میں اپنے طے شدہ پروگرام کے مطابق براستہ ریاض (سعودی عرب) واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) روانہ ہو گیا **خاندان زنجانیہ** جو کہ ایک روحانی خانوادہ ہے۔ اسے کبھی کبھی قارئین آئینہ قسمت کے لیے الہامی اشارے بھی مل جاتے ہیں اور سفر حجاز مقدس اور سفر امریکہ میں میرے ساتھ یہی ہوا۔ یقیناً کبھی قارئین کا مشاہدہ ہوگا کہ سفر میں شعور وادراک کی گرہیں کھلنے لگتی ہیں۔ سفر سنت نبویؐ ہے جو بحکم الٰہی رسول خداؐ نے مکہ سے مدینہ منورہ فرمایا۔

کائنات محو گردش ہے۔ نجانے اب تک ہم سے قبل کتنے شرف زحل گزر چکے ہوں گے اور اب کا شرف زحل ہمیں کیا ثمرات دے گا اور ہم اس سے کیسے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ لاہور سے واشنگٹن کی پرواز 26 گھنٹہ کی تھی اور میرے پاس غور وفکر کے لیے خاصہ وقت تھا۔ جو عموماً روز مرہ گونا گوں مصروفیات میں نہیں ملتا۔ مولائے کائنات باب العلمؑ کا فرمان ہے کہ ہر انسان کے اندر ایک عالم اکبر چھپا ہوا ہے اور یہ دنیا ایک عالم اصغر ہے۔ پہلے زمانے میں لوگ اثبات وجود خدا کے لیے معجزہ طلب کرتے تھے۔ ان کو سمجھ ہی نہیں آتا تھا کہ جس وجود کو ہمارے حواس محسوس نہ کر سکیں۔ اس کا اقرار کیسے کریں۔ بہرحال یہ ایام جاہلیت کی باتیں تھیں۔ آج سائنس کے مختلف شعبے ہر روز وجود خدا کے ایسے دستاویزی ثبوت پیش کر رہے ہیں کہ انہیں نظر انداز

کرنا اور جھٹلانا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ طرز وراثت سے ہماری طرز ظاہری کا ظہور جنم لیتا ہے۔ یہی فکر ہمارے شرف زحل کا محور بنا۔ لکیر کے فقیر منجمین، عاملین، کاملین کو فرصت ہی نہیں کہ وہ بدلتے زمانہ کے ساتھ کم از کم نماز کسری طرز پر سفر کے احکام الٰہی کی طرح گردش کو اکب پر ہی غور کر لیں۔

لیے حج و عمرہ کا سفر آسان بنا دیا۔ ہم ان کے ممنون ہونے کی بجائے انہیں گالیاں دینے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ آج بھی کوئی ہوائی سفر کے لیے ہوائی جہاز پاکستان یا پھر کسی بھی اسلامی ملک میں نہیں بنتا۔ اگرچہ بین المذاہب کا احترام آج کی سپر پاور بھی نہیں کر رہی۔ امریکہ جو مستقبل میں دیوالیہ ہونے

ماں کی دعا جنت کی ہوا — باپ کی دعا کامیابی کی فتاح

سفر میں زمان و مکاں میں یقیناً فرق آ جاتا ہے اور غالباً ایسے ادراک سبھی دوستوں نے کھلتے ہوئے محسوس کیے ہوں گے۔ جنہوں نے کبھی مطالعاتی سیاحتی یا پھر تفریحی سفر کیا ہو۔ ستارہ زحل میرے نزدیک ایک معلم ستارہ ہے جو آداب طرز معاشرتی زندگی سکھاتا ہے۔ اور میں نے بھی زحل کو ایک معلم جانتے ہوئے عزیمت سیارگان پڑھی۔ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتْ الشَّمْسُ وَالْقَمَرَ وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحل وَالزُّھرَہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o یہ دعا پڑھ کر اپنی مواصلاتی فکر کو کھلا چھوڑ دیا۔ نتیجتاً کسی شاعر کی غزل کی طرح روحانی کیفیات کا نزول وقفہ وقفہ سے ہونے لگا اور یہ سلسلہ 3 اگست تک جاری رہا۔ جب تک حاضری روضۂ رسولؐ اور عمرہ کی ادائیگی مکمل ہو کر واپس پاکستان کاشانۂ زنجانی گلبرگ لاہور نہ پہنچ گیا۔

ہر علم دوست لوگ اپنے اپنے ماحول معاشرے میں ریسرچ ورک کرتے رہتے ہیں۔ اگر نہ کرتے تو ٹیلی فون کی جگہ موبائل فون نہ آتا اور موبائل سے بڑھ کر انٹرنیٹ کی دنیا ہمارے آگے نہ کھلتی۔ لوگ آج بھی اونٹوں پر بیٹھ کر حج و عمرہ کرنے جا رہے ہوتے اور جن غیر مسلموں نے ہوائی جہاز بنا کر ہمارے

جا رہا ہے۔ اس کا جنگی جنون مسلم ممالک کے لیے خطرہ بن گیا۔ یہ اپنے جنگی اخراجات کا صرف 5% بھی امن اور محبت کے لیے خرچ کرتا تو دنیا امن کا گہوارہ بن سکتی تھی۔ کوئی بھی مذہب دوسرے سے بیر رکھنا نہیں سکھاتا۔

فطرتی زائچہ میں باپ کا دسواں گھر برج جدی اور اس سے منسوب ستارہ زحل ہے۔ باپ کا خانہ مال یعنی برج جدی سے دوسرا برج دلو ہے۔ اس کا بھی حسن اتفاق سے ستارہ زحل ہے۔ آج زحل اور شرف زحل ہی ہماری سوچ کا محور ہے۔ آج کل میڈیکل سائنس میں ڈی این اے (ٹیسٹ) کا شہرہ ہے۔ میڈیکل سائنس نے اسے ایک زندہ معجزہ قرار دیا ہے۔ مولاؑ کی بات اب شائد ہم سمجھ سکیں کہ ہمارے اندر ایک عالم اکبر کیسے چھپا ہوا ہے۔ ستارہ زحل نحس اکبر ستارہ ہے۔ تبھی تو آج ہم سب اس ستارے کی ڈھایہ 2½ سال یا ساڑھ ستی 7½ سالہ نحوست سے تحفظ کے لیے سرگرداں ہیں اور اس ستارے کی نحوست سے پناہ چاہتے ہیں۔ دنیا کی اس وقت پانچ ارب کے قریب آبادی ہے۔ خیال آیا کہ کیا یہ سبھی لوگ نحوست زحل کی ساڑھ ستی سے اپنے اپنے وقت پر شکار ہوں گے۔ علم نجوم سے جواب ملا بے شک پھر خیال آیا کہ خدا نے ہدایت کے لیے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء بھی تو بھیجے ہیں۔ کیا وہ بھی علم نجوم کے اس قانون کے تحت اپنے اپنے دور میں ساڑھ ستی کا شکار ہوئے ہوں گے یا انہوں نے ستاروں کو ہی مسخر کر لیا تھا۔ انہی خیالات کے تانے بانے بُنتے ہوئے سعودی عربیہ آ گیا۔ یہاں ٹرانزٹ قیام بھی آٹھ گھنٹے تھا۔ تو مجھے حیرت ہوئی کہ واہ رے ستارہ زحل تم سے تو نمبر بھی 8 ہی منسوب ہے۔ 8

اے کلیم اللہ! اب تم کوہِ طور پر سنبھل کے آنا، کیونکہ اب تمہارے پیچھے ماں کی دعائیں نہیں رہیں

تاریخ کا سفر اور پھر 8 گھنٹے عارضی قیام ریاض (حجاز مقدس) میرا شوق جنون ادراک کچھ اور ہی کھل گیا۔ ایک طرف جسمانی تھکاوٹ محسوس کرنے لگا تو دوسری طرف ذہن کا روحانی سفر کچھ اور بہتر ہو گیا۔ مجھے فوراً خیال آیا کہ آج کل پاکستانی کیبل چینلز پر فلم ''پیام'' جس کا نمبر بھی 8 بنتا ہے، دکھائی جا رہی ہے اور یہ فلم انٹرنیٹ پر بھی دستیاب ہے۔ دنیا اور پاکستانی عوام میں شوق سے دیکھی جا رہی ہے۔ ''سورۃ یوسف'' حضرت یوسف بن یعقوب علیہ السلام کی سوانح عمری پر مشتمل فلم ہے۔ بادشاہ عزیزِ مصر نے جو خواب دیکھا کہ دریائے نیل کا پانی خشک ہو جاتا ہے اور اس سے سات مریل گائے نکل کر موٹی تازی گائے کو کھا جاتی ہیں۔ بادشاہ تعبیر خواب کے لیے سخت اضطراب میں مبتلا تھا کہ زندان سے حضرت یوسفؑ جنہیں خداوند نے تعبیر خواب کا علم عطا کیا تھا، بادشاہ کو سات سال خوشحالی اور سات سال قحط سالی تعبیر خواب کے بتائے۔ عزیزِ مصر اپنی قوم کا خیر خواہ حکمران تھا۔ تعبیر جان کر اپنی مصری قوم کے لیے فکر مند ہو گیا۔ کاش آج کے حکمران بھی اپنی اپنی قوموں کے لیے خیر خواہ ہو جائیں۔ یہی سات یا ساڑھے سات سال ہمارے نزدیک ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی کے ہو سکتے ہیں قصص القران سے معلوم ہوا کہ ساڑھ ستی انفرادی نہیں بلکہ ملکوں کی بھی لگ سکتی ہے۔ (لیڈر) بادشاہ، حاکم وقت دانشمندی سے کام لیں تو اپنی پوری قوم کو مشکلات سے نکال سکتے ہیں۔ پانی کے ڈیم اور غلہ کے گودام بنانا سنت حضرت یوسفؑ ہے۔ جو حکمران احکام الٰہی پر عمل کرتے ہیں وہ اپنی قوم کو بھی مشکلات، قحط سالی سے بچا لیتے ہیں۔ ورنہ ایسی قومیں (پاکستانی) کالا باغ ڈیم نہ بننے کے سبب سوات سے حیدر آباد سجاول تک پانی میں ڈوب جاتی ہیں اور عالمی عدالت میں بھارت سے پانی چوری کا مقدمہ بھی ہار جاتی ہیں اور چور ملک بھارت اس لیے مقدمہ جیت جاتا ہے کہ ہم اپنا نارمل دریاؤں کا پانی تک محفوظ نہیں کر سکتے تو بھلا سیلاب میں پانی کی کیا ذخیرہ اندوزی کریں گے۔ کالا باغ ڈیم کی مخالفت کرنے والے لیڈروں سے گزارش ہے کہ وہ حضرت یوسفؑ کی سنت پر عمل کریں اور قوم کو لوڈ شیڈنگ کی مصیبت سے نجات دلائیں۔ آج بھی جو لیڈر اور قوم حضرت یوسفؑ کی سنت پر عمل کرے گی، وہ ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی سے نجات پا سکتی ہے۔ آپ نے غور کیا زحل کیسے ڈبوتا ہے اور پھر کیسے بچنے کی راہیں بھی نکالتا ہے مگر صرف غور کرنے والوں کے لیے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے آسمان پر جو چاند، سورج، ستارے بنائے ہیں یہ کوئی کھیل تماشا کے لیے نہیں ہیں۔ بلکہ عقل مند لوگوں کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔

سعودی ائیر پرواز کا اگلا سفر ریاض سے واشنگٹن ڈی سی کا 13 گھنٹہ کا تھا۔ اس کا مفرد نمبر 4 جو 8 کا نصف ستارہ یورانس اور برج دلو کے ذیلی ستارہ کا منسوبہ نمبر بھی ہے۔ اس دوران تھکاوٹ غلبہ نیند نے مجھے اپنی آغوش میں لے لیا۔ تھکاوٹ عارضی ہو یا مستقل، سبھی ستارہ زحل کے کرشمے ہیں۔ طویل سفر میں جسم پر تھکاوٹ غالب آ گئی۔ مگر کچھ نیند کے بعد ذہن پھر تازہ دم تھا اور پھر دورانِ پرواز اور میرا سوچ کا محور پھر زحل ہی تھا۔ مجھے کبھی کبھی خیال آیا کہ یہ زہرہ ہے کہ زحل جو مجھے بار بار اپنی طرف متوجہ کیے ہوئے ہے اور یہ زحل ہی تھا۔ سعودیہ سے اڑان پر مجھے شدت سے خیال آیا کہ مجھے واپسی پر بیت اللہ حاضری دینی ہے۔ جیسے کہ آپ کو معلوم ہے کعبہ حجاز مقدس سعودی میں ہے یہ چل کر پاکستان یا کسی اور ملک نہیں آ سکتا ہے۔ سب عرب و عجم کو حاضری کے لیے وہیں جانا پڑتا ہے۔ کعبہ کے علاوہ ہر شے کا مالک خدا ہی ہے۔

سورہ یٰسین کی آیت ہے۔

هَل جَزاء الاحسان۔

''احسان کا بدلہ صرف احسان ہی ہے۔''

دنیا میں ہم سب پر بہت احسان کرنے والی اللہ کی ذات جو 70 ماؤں

سے زیادہ محبت کرتی ہے۔ ہم نے یہ بات سن ضرور رکھی ہے مگر اس بات کو شائد دل سے لاشعوری طور سے تسلیم نہیں کرتے مگر بات سچ ہے۔ ہاں البتہ ماں کی محبت کو ہم سب دل سے تسلیم کرتے ہیں۔ کیونکہ ہر کسی کو اس کی ماں نے پالا ہے اور ماں کی محبت کا لطیف احساس ماں کے نام لینے سے ہر کوئی محسوس کر سکتا ہے۔ ایک اور لطیف نقطہ ذہن میں اُبھرا۔ حضرت آدم علیہ السلام ہم سب کے باپ ہیں۔ زحل ذہن پر چھایا ہوا ہے۔ آدم اور زحل کے ابجد قمری بھی برابر ہیں۔ ماں کی دعا اگر جنت کی ہوا ہے تو باپ کی دعا بھی کامیابی کی فتاح ہے۔

ماں کا عالمی دن (مدرڈے) کچھ عرصہ قبل منایا گیا تو اس موقع پر چند ماں moon کی میٹھی دودھیا روشنی

دنیا کے ہر قوم کو اپنی دھرتی ماں سے پیار ھے

نے بھی ہمارے کان میں شرف زحل کے حوالہ سے کچھ سرگوشیاں کیں جو میرے ذہن میں پھر سے تازہ ہو گئیں، جو قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں پیش ہیں۔ بات کچھ یوں ہے اور نہایت اہم ہے کہ 29½ سال بعد 12 تا 20 اکتوبر 2011ء شرف زحل کا وقت جوں جوں قریب آرہا ہے۔ عاملین، کاملین، منجمین، اساتذہ، طلبہ، شائقین نجوم کے دل کی دھڑکنیں دن بدن بڑھ رہی ہیں۔ شرف زحل کے حوالہ سے اس مرتبہ یہ نقطہ نہایت اہم ہے کہ شرف زحل تحت الشعاع (غروب) ہوگا تو پھر ہم شرف زحل کی سعادت کیوں کر حاصل کریں۔ گذشتہ سال سفر لاہور تا راولپنڈی ہمراہ معارف منجم سیّد انور فراز آف کراچی سے اس سلسلہ میں طویل گفتگو ہوئی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ شرف زحل تو برج میزان میں یقیناً ہوگا۔ تب شمس زحل قران ہونے سے شرف زحل کی سعادت کم ہو جائے گی۔ تو پھر اس کے لیے کیا کیا جائے۔ اس سلسلے میں بھی گفتگو جاری رہی کہ اس شرف زحل کی سعادت قران زہرہ عطارد، تثلیث زہرہ عطارد سے ملا کر لی جائے۔ یوں ہمیں شرف زحل جیسی سعادت ہی میسر آئے گی اور اس سعادت کو ''عکس شرف زحل'' کا نام دیا گیا۔ جو غالباً منجمین، عاملین، قارئین کے لیے نیا تھا اور اکثر کی فہم سے بالا نکلا۔ دوست منجمین، عاملین عکس شرف زحل کو صرف شرف زحل ہی تصور کریں۔ اس کی مثال یوں ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے 12 جنوری پوتا عطا کیا، اہل خاندان نے اور زائچہ نجوم نے اس کا مشترکہ نام ''محمد اذان علی'' رکھا۔ میں نے خاندانی اعتبار سے اس کے نام کے ساتھ شہزادہ سیّد اور زنجانی کا اضافہ کر دیا۔ اب محمد اذان علی کا پورا نام شہزادہ سیّد محمد اذان علی زنجانی ہو گیا اور میں نے اس کا پیار سے پکارنے کا گھریلو نام ''شاہ بابا'' بھی رکھ دیا۔ اب میری اس سے محبت ہے کہ میں اسے جس نام سے بھی بلاؤں، حالانکہ شخصیت ایک ہی ہے۔ ہمارے پاکستانی معاشرے میں عموماً ہر فرد کا ایک عام بلایا جانے والا پیار کا نام بھی ہوتا ہے۔ اسی طرح ہم سب مل کر شرف زحل کو شرف زحل ہی کہیں گے۔ مگر اس مرتبہ میں نے شرف زحل کا نام عکس شرف زحل اس لیے رکھا ہے کہ 30 سال بعد آئے شرف زحل کی سعادت کسی نہ کسی طور سے جانے نہ پائے اور خلق خدا ہر حال میں شرف زحل سے فیض روحانی پائے اور قران شمس و زحل سے تحفظ کے لیے کسی بہتر وقت کا انتخاب سبھی منجمین مل کر کر پائیں۔

ہمارے دوست دو طرح سے ہیں۔ ایک منجم اور دوسرے عامل، اکثر عامل حضرات نجوم نہیں جانتے وہ ملک میں شائع ہونے والی جنتریوں پر انحصار کرتے ہیں اور انہیں کرنا بھی چاہیے۔ اب بات منجم دوستوں کی ہے کہ وہ آپس میں ایک معمولی سی علمی بحث میں اُلجھے ہوئے ہیں۔ ایسے دوستوں کو چاہیے کہ دنیا بھر کی کتب سے سورج کا دوسرے ستاروں کے ساتھ قران کرنے کا لفظ غروب تحت الشعاع کو اپنی کتب (سوائے ''مراۃ النجوم'') سے نکال دیں۔

میں نے اپنی مستعار زندگی میں سینکڑوں ایسے زائچے دیکھے ہیں۔ جن میں کئی راج یوگ اور ایک سے زیادہ ستارے شرف میں ہوتے ہیں۔ خصوصاً شرف زحل کو بھی زائچہ میں بغور دیکھا ہے۔ ایسے لوگ زندگی میں بلند مرتبہ اپنے ماحول کے تحت ہی پاتے ہیں۔ زحل 2½ سال تک شرف یافتہ رہے گا تو کیا ایسے سبھی لوگ سیاستدان، صدر، وزیر اعظم بنیں گے۔ زائچہ کے احکامات بارہ گھروں میں بیٹھے اور خود زحل کی نشست بروج کے ساتھ کہ زحل

کس گھر کا مالک ہے، تبھی احکامات لگیں گے۔

میں نے اکثر راج یوگ اور شرف زحل کے مالک لوگوں کو گاؤں کا چوہدری یا علاقہ کا کونسلر یا پھر بنجاروں کے قبیلہ کا سردار دیکھا ہے۔ غروب ستارے شرف یافتہ صاحب زائچہ کی معاشرتی حیثیت اس سے بھی کم دیکھی ہے۔ شرفاتی کواکب زائچہ میں کیسے کام کرتے ہیں۔ ابوظہبی میں ایک عام سپاہی کو خوبصورت بڑے گھر اور لینڈ کروز کا مالک دیکھا۔ جبکہ ماحول کے مطابق ایسا شخص پاکستان میں صرف ایک رکشہ کا مالک ہی بن سکتا تھا یا پھر اسے فقیر ہونا چاہیے تھا۔ میرے ہمراہ شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی بھی تھا جو آج کل مانچسٹر (انگلینڈ) میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ اس نے کہا پاپا جانی یہ شیخ زید کا فقیر ہے۔ بے شک سب مراعات اسے حکومت نے مفت دے رکھی تھیں۔ ہم پھر اپنے اصل موضوع کی طرف آتے ہیں۔

علم نجوم کی ابجد سے واقف حال اساتذہ طلبہ نے اس تحقیق کو سراہا۔ جیسے ناقص وقت قمر درعقرب میں سلطان غیاث الدین تغلق کے لیے حضرت امیر خسرو نے عقرب کے چاند کو بارہویں دشمنوں کے گھر ڈال کر طالع برج قوس میں سلطان کی تاج پوشی کروا دی۔ جو منجم ان بنیادی نجوم کے قوانین سے واقف نہیں ہونا چاہتے وہ "شرف زحل" عین اس وقت تیار کریں گے۔ جب شرف زحل تحت الشعاع (غروب) ہوگا اور اپنے دشمن شمس سے حالت قران میں ہوگا۔ ہمیں ایسے منجم عامل دوست سے بھی کوئی بحث نہیں کیونکہ ان کے اشتہارات نے ہماری حیرت میں اضافہ کیا ہے۔ ذاتی خیال تھا کہ اپریل تا اکتوبر 2011ء آئینہ قسمت میں اس موضوع پر مسلسل لکھواؤں گا۔ اُدھر اشاعت کے لیے قلمی معاونین کے مضامین آنے لگے اور اُدھر ایڈیٹر آئینہ قسمت شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی نے سبھی دوستوں کو لکھنے کی دعوت بھی دے دی۔ یوں شرف زحل کے عنوان سے اتنے مضامین یکجا ہوگئے کہ سبھی دوستوں کے مضامین کی اشاعت اور حوصلہ افزائی اور ان کے نقطۂ نظر کو قارئین آئینہ قسمت تک پہنچانا بھی ضروری خیال کیا۔ یقیناً اپریل سے اکتوبر اور شرف زحل تک شرف زحل کے مضامین کی اشاعت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ بلکہ میری رائے میں تو ستمبر 2011ء شرف زحل نمبر شائع ہونا چاہیے جو حاضر خدمت ہے۔ جس طرح ماضی میں شرف مشتری نمبر شائع کرنے کی ادارہ آئینہ قسمت سعادت حاصل کر چکا ہے۔ کچھ معلومات کتابی، کچھ تجرباتی اور کچھ عالی جناب علم دوست بزرگوں کی صحبت میں بیٹھنے سے ملتی ہیں۔

یہاں میں آپ کی خدمت میں کچھ لطیف روحانی نقطے عرض کروں گا۔ پسند آئیں تو اُن پر عمل کریں، نہ پسند آئیں تو دیوانہ جان کر معاف فرمائیں۔ لکیر کے فقیر نجومیوں سے مجھے کچھ غرض نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ زحل کی پیدائشی نحوست یا بعد از خصوصاً ساڑھ ستی یا ڈھایا کی نحوست سے تحفظ اور نجات پا سکتے ہیں۔ شیطان ہمارا ازلی دشمن ہے۔ سبع کواکب میں ستارہ زحل نحس اکبر اور ستارہ مریخ نحس اصغر ہے۔ مختصر یہ کہ ستارہ زحل کی نحوست پریشانی، مفلسی لاتی ہے۔ ستارہ مریخ کی نحوست بیماری، خون خرابہ لاتی ہے۔

ہم سب کو معلوم ہے کہ شیطان شیطانی نحوست کو بھگانے کے لیے آیت "**لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم**" پڑھی جاتی ہے اور شیطان رجیم کے شر سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ اس مرتبہ شرف زحل کے وقت 12 اکتوبر تا 20 اکتوبر اس آیت کا مسلسل ورد کرنا اور اس آیت کو لکھ کر پاس رکھنا تحفظ نحوست زحل ہر قسم کے لیے مؤثر قرآنی عمل ثابت ہوگا۔ جو خاندانِ زنجانیہ عالیہ کے مجربات میں سے ایک ہے۔


ماں اور زحل

آپ نے یہ مشہور زمانہ حدیث سنی ہوگی کہ "**جنت ماں کے قدموں تلے ہے**"۔ بے شک میں بھی برسوں اسے حدیثِ رسولؐ ہی سمجھتا رہا۔ زمانہ طالب علمی پانچویں چھٹی میں جب مجھے قدرے شعور ملا تو میں اکثر اپنی ماں کے قدموں کو چوما کرتا تھا۔ ماں کبھی خوش اور کبھی مصروفیات کے سبب

عجلت میں ناراض ہوتیں تو میں انہیں بتاتا کہ میں تو اپنی جنت کو چومتا ہوں اور ماں مجھے خوش ہو کر بہت دعائیں دیتیں۔ پھر مجھے ایک دن یوم حسینؑ پر معلوم ہوا کہ یہ حدیثِ رسولؐ نہیں بلکہ حضرت امام حسینؑ کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ ہیں جو حدیث جیسا درجہ اختیار کر گئے۔ حضورؐ خود فرماتے ہیں کہ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔ لہٰذا حسینؑ نے جو کچھ فرمایا یہ الفاظ بھی محبان رسولؐ کو حدیث رسول لگنے لگے۔

حسینؑ کی ماں جناب بی بی فاطمۃ الزہراؑ حدیث رسول کے مطابق نساء عالم جنہ ہیں۔ جنت میں عورتوں کی سردار دیگر حدیث رسولؐ ہے کہ حسنؑ اور حسینؑ شباب اہل جنہ، حسنؑ اور حسینؑ جنت میں مردوں کے سردار ہیں۔ جو جنت کا سردار ہو اور اس کی ماں بھی جنت میں عورتوں کی سردار ہوں۔ یہ فقرہ کائنات میں صرف اور صرف حسینؑ کے منہ سے ہی بجتا ہے کہ ''جنت ماں کے قدموں تلے ہے۔'' امام عالی مقام سیدالشہداء حسینؑ ابن علیؑ ابن ابو طالبؑ نے ہم سب کے لیے جنت کا حصول کتنا آسان بنا دیا ہے کہ ہم اپنی ماں کی خدمت کریں اور اپنی ماں سے دعائیں لیں۔ اکثر آپ نے یہ فقرہ بھی سنا ہوگا کہ ''ماں کی دعا جنت کی ہوا'' اور یہ بات سو فیصد سچ بھی ہے۔ ماں کی آغوش ہمیں سکون اور ماں کی دعا ہمیں ہر غم پریشانی سے نجات دلانے کا وسیلہ بن سکتی ہے۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ گردش زمانہ پریشانیوں کا مارا ایا پھر یوں کہہ لیں ساڑھ ستی کا مارا شخص بارگاہ رسالتؐ میں حاضر ہوا اور اپنی تمام پریشانیاں بیان کرنے کے بعد حضورؐ سے دعا کی درخواست کی آپؐ نے فرمایا: اے سائل تم جا کر اپنی ماں سے دعا کرواؤ، تمہاری سبھی مشکلات پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ اس سائل نے عرض کیا۔ یا رسول اللہؐ! میری ماں نہیں ہے، وہ وفات پا چکی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: پھر تم ایسا کرو کہ اپنی ماں کی قبر پر جاؤ اور اپنی ماں کے وسیلہ سے اللہ سے دعا مانگو، تمہاری مشکل کشائی تمہاری ماں کی قبر کے وسیلہ سے یقیناً ہو جائے گی۔ اس سائل نے پھر عرض کیا یا رسول اللہؐ! میں کیا عرض کروں، میں نومولود بچہ تھا کہ میری والدہ حضرت یوسف علیہ السلام کی طرح مجھے اس دنیا فانی میں چھوڑ گئیں۔ اس سبب مجھے ان کی قبر کا مقام و نشان بھی معلوم نہیں ہے۔ آپؐ نے فرمایا: اے سائل! پھر بھی غم نہ کرو تم کسی قبرستان میں جا کر اپنی والدہ بلکہ والدین کی قبر کا خط کھینچو اور انہیں والدین خصوصاً والدہ کی قبر خیال وتسلیم کر کے اپنے رب سے دعائیں کرو۔ یقیناً تمہاری سبھی پریشانیاں دور ہوں گی اور تم ہر رنج وغم سے نجات پاؤ گے۔ اس واقعہ سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ ماں ہی وہ ہستی ہے جس کی دعا ہر رنج وغم سے آپ کو نجات دلا سکتی ہے اور یقیناً باپ کی دعا کامیابیوں کے راستے کھول دیتی ہے۔ طلبہ نجوم علم نجوم سے بھی اس آسان اور سادہ قاعدہ کو جان سکتے ہیں۔

ہم سبع (سات) کواکب میں ستارہ زحل اور ستارہ مریخ پریشانیاں لانے والے کواکب کو خود پریشان ہوتا ہوا دیکھ سکتے ہیں۔ آسمانی کونسل پر فطرتی زائچہ یوں ہے:



فطرتی بروج میں برج سرطان چوتھا برج ہے جو منسوبات کے اعتبار سے ماں کا برج ہے۔ جس کا نشان ♋ ماں کی چھاتی ہے۔ یہی برج سرطان

وتد الارض یعنی زمین دھرتی ماں کا بھی درجہ رکھتا ہے۔ سرطان کا حاکم ستارہ قمر ہے۔ دونوں بدستارے نحس اکبر زحل اور نحس اصغر مریخ جب برج سرطان (ماں کے گھر) آتے ہیں تو ان کی سب بدمعاشیاں نکل جاتی ہیں۔ مصیبت، پریشانی لانے والا ستارہ زحل خود وبال یافتہ پریشان ہوتا ہے اور بیماری، خون خرابہ لانے والا جلاد فلک ستارہ مریخ خود ہبوط یافتہ سخت پریشان ہو جاتا ہے۔ برج اسد جو پانچواں برج ہے۔ اس کا حاکم ستارہ شمس ہے، جو زحل کا دشمن اعظم ہے۔ ستارہ زحل جب یہاں آتا ہے تو اس کو ڈھائی سال کے لیے وبال ہو جاتا ہے۔ شمس و قمر کو نیرین بھی کہا جاتا ہے۔ فطرت میں یہ ستارے ماں باپ کا درجہ رکھتے ہیں۔ آپ نے ملاحظہ کیا زحل جب قمر اور شمس کے گھروں میں آتا ہے تو وبال، پریشان ہو جاتا ہے۔

اس مختصر تمہید کا مقصد یہ ہے کہ والدین کی خدمت دعائیں آپ کو نحوست زحل سے محفوظ رکھ سکتی ہیں اور خصوصاً جن کی ماں زندہ ہو، وہ روزانہ اپنی ماں سے دعا کرائیں تو نحوست زحل ساڑھ ستی آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ میں نے بھی ماضی میں اپنی ساڑھ ستی ماں کی دعاؤں سے بہتر انداز سے گزاری ہے۔

اس لمبی چوڑی مگر آسان تمہید سے یہ بات روحانی اور سائنسی طور سے ثابت ہوگی کہ ماں کی دعا سے نحوست زحل کافور ہو جاتی ہے۔ ایک ہماری وہ ماں ہے جس نے ہمیں جنم دیا۔ ایک ماں اماں حوا ہے جو سب کی ماں ہے اور حضرت آدم سب کے باپ ہیں۔ مگر خدا کا اپنا ایک نظام ہے۔ اس نے حضرت آدم علیہ السلام کو اول نبی بنایا مگر سب سے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ؐ کو سردار انبیاء بنایا۔ ہمارے آخری نبی کی عظمت و فضیلت سب سے بڑھ گئی اور دوران معراج رسولؐ سب نبیوں نے حضورؐ کی امامت میں بیت المقدس میں نماز ادا کی۔ اسی طرح جناب سیّدہ بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا بنت رسول خداؐ حدیث رسولؐ کے مطابق نساء عالم جنۃ جنت میں عورتوں کی سردار ٹھہریں۔ ان کی فضیلت سب عورتوں اور پاک بیویوں اماں حوا، بی بی مریم، بی بی سارہ سے بھی بڑھ گئی۔ کتاب برکات

استغاثہ سیّدہ فاطمہؑ، مصنف: آیت اللہ حسن رضا غدیری سے ایک حدیث رسولؐ پیش خدمت ہے:

اپنے باپ کی ماں۔

قال النبی (ص): "فاطمۃ ام ابیھا"

پیغمبر اسلامؐ نے ارشاد فرمایا:

فاطمہ اپنے باپ کی ماں ہے۔

اس حدیث میں جو اہم ترین اور لطیف ترین نکتہ پوشیدہ ہے اس پر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ رسول خداؐ نے اپنی بیٹی کو اپنی ماں کا درجہ و رتبہ کیوں دیا، یقیناً رسول خداؐ کا فرمان کسی ایسے مطلب کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ جسے عام طور پر لوگ سمجھ نہیں سکتے، کیونکہ بیٹی خواہ جس قدر مہربان ہو مگر اس کا مقام اپنا ہی ہوتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے سیّدہ سلام اللہ علیہا کو وہ عظیم رتبہ عطا فرمایا کہ وحی کے بغیر کلام نہ کرنے والے نبی کو یہ کہنا پڑا کہ میری بیٹی میرے لیے ماں کی طرح سے ہے، یعنی جس طرح ماں کا احترام ضروری ہوتا ہے اسی طرح فاطمہ کا احترام ضروری ہے، اور جس طرح ماں کی رضایت کا حصول اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ اسی طرح فاطمہؑ کی رضایت میرے لیے اہمیت کی حامل ہے، یا یوں کہیں کہ اس سے مراد و مقصود یہ ہے کہ جس طرح ماں سے نسل چلتی ہے۔ اسی طرح میری نسل کی بقاء سیّدہؑ سے مربوط کر کے اللہ نے اسے میری بیٹی ہونے کے ساتھ ساتھ میری نسل کی اکلوتی ماں بنایا ہے، کہ دنیا والوں کی نسلیں ان کے باپ سے منسوب ہوتی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے میری بیٹی کو یہ اعزاز عطا کیا ہے کہ وہ میری اولاد کی پہچان بنی ہے۔ اس کے علاوہ آنحضرتؐ نے اپنی حیات طیبہ میں سیّدہ سلام اللہ علیہا کا احترام و اکرام جس مخصوص و منفرد انداز میں کیا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بی بی سیّدہؑ کو ماں کی طرح مورد عزت قرار دیتے تھے، یہ سب کچھ بی بیؑ کی عظمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔



از تحریر: سید قاسم علی نقوی الباکھری، سیالکوٹ

حاضری مطلوب

ضروریاتِ عمل

زعفران، روح گلاب، مشک، روغن زرد (گاؤ)، العود اگربتی، شکر سرخ، مٹی کا چراغ جس کو پہلے استعمال نہ کیا ہو۔ جسم، جگہ، لباس پاک ہو۔ مکمل تنہائی ہو، کوئلے، انگیٹھی، بخور صندل سرخ، لوبان

اوقات

عروج ماہ قمری، دن جمعہ یا قمر عطارد تسدیس یا تثلیث یا قمر باز ہرہ تثلیث ہو یا عطارد یا زہرہ تثلیث ہو یا قمر باز ہرہ قران ہو۔

عمل

بعد نماز عشاء یا مطلوبہ ساعت میں عمل کا آغاز کریں۔ 2 رکعت نماز حاجت ادا کر کے انگیٹھی میں کوئلے جلا کر بخور سلگا کر کمرہ معطر کریں۔ کمرے میں العود کی اگربتی بھی جلائیں۔

مثالی عمل

طالب معہ والدہ کے نام کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں۔

طالب: عامر علی بن ثریا (ع ا م ر ع ل ی ث ر ی ا)

مطلوب معہ والدہ کے نام کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں۔

مطلوب: ناھید بنت فریدہ (ن ا ھ ی د ف ر ی د ہ)

طلسم: اعھطحفش (ا ع ھ ط ح ف ش)

امتزاج: طلسم۔ طالب۔ مطلوب

ایک حرف طلسم کا ایک حرف طالب کا ایک حرف مطلوب کا لے کر سطر امتزاج لکھیں۔ سطر امتزاج لکھتے وقت عزیمت کو سات بار پڑھ کر فتیلہ دم کریں۔ فتیلے کو روغن گاؤ میں ڈبو کر اور اس کے اندر شکر سرخ رکھ کر لپیٹ لیں۔ فتیلے کو چراغ میں رکھ کر آغاز سطر کی طرف سے فتیلے کو آگ لگا دیں۔ منہ سے کہیں "پروردگار جو آگ فتیلے کو لگی ہے، وہ آگ میرے مطلوب کے دل میں میری محبت کی لگی ہے۔ جب تک وہ حاضر نہیں ہوگا، آگ سرد نہ ہوگی۔" بتی جلنا شروع ہو جائے تو مندرجہ ذیل عزیمت پاس بیٹھ کر پڑھیں۔ بتی جلنے تک ورد جاری رکھیں۔

سطر امتزاج

ا ع ن ع ا ا ہ م ہ ط ر ی ح ع د ف ل ف ش ی ر ث ی ر د ی ہ ا

عزیمت

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يَا عَجَبَائِيلُ بِحَقِّ نو دودُ الْعَطُوفَ الرَّحِيمِ اَنْ يَّلْقِي وَالْمُحَبَّةَ وَالْمُوَدَّةَ وَالرَّافَةَ بَيْنِي وَ بَيْنَ نَاهيد بنت فريده كَمَا مَرَّ حَيْثُ حَرَوف اسمي بحروف اِسْمَعها اَمْزُجُوا مُجِيبِي بِروجه بحق الْمَلِكُ الْقُدُّوس۔

دوران عمل رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ عمل 3 رات سے 7 رات تک بلا ناغہ جاری رکھیں۔ مطلوب کے حاضر ہونے پر عمل بند کر دیں۔ جگہ اور وقت عمل ایک ہی رکھیں۔ عمل ناجائز یا غیر شرعی حاجت کے لیے نہ کریں۔ یہ عمل بے خطا ہے اور جب بھی کرے گا، کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔

آئینہ قسمت اپریل 2013ء



از تحریر: ملیحہ زیدی، ملتان

اعجاز الجفر

فرمانبرداری اولاد و میاں بیوی و نصیب کشائی

جب کوئی اچھا علم حاصل ہوتا ہے تو اس کا سب سے زیادہ شکر ادا کرنا فرض ہے اور پھر اس عطا کردہ نعمت یعنی علم کو عوام الناس کے مسائل کو حل کرنے میں استعمال کرنا، بے کس اور مجبور لوگوں کی دعائیں لینا اور رب کا شکر ادا کرنا بہت بڑی نعمت ہے۔ میں مالک کائنات کا ہر لمحہ شکر ادا کرتی ہوں کہ یا اللہ تو نے مجھ کمزور خاتون کو اپنی بے پناہ رحمت خاندان، خاندانِ نبوت اور معصومینؑ کی محبت و شفقت سے علم سے نواز اور اس کی برکتیں عطا کیں۔ میں نے یہ بہت آزمایا ہے کہ جتنا بھی اس کی نعمت کا شکر ادا کرو اور چاہے وہ رزق ہو، علم اجسام ہو یا علم روحانی اس شکر کی برکت سے اور اضافہ ہوتا ہے۔

میرا پہلا مضمون اتنا پسند کیا گیا کہ میں اس کاوش کو اپنی بہنوں اور بھائیوں کی پسندیدگی کو اپنی حوصلہ افزائی سمجھتی ہوں اور اپنے اللہ کا شکر ادا کرتی نہیں تھکتی۔ مجھے جو علم ملا میں نے محنت کی اور جس نے مجھے اس قابل بنایا اور میں اپنے اس عمل سے سینکڑوں بہنوں، ماؤں کی دعائیں لے چکی ہوں، جن کے گھر آباد ہو گئے، اچھی جگہ رشتے ہو گئے، کسی نحوست بندش نظر بد سے جو بہنیں اور مائیں اپنی بیٹیوں کے رشتے نہ آنے سے مایوس تھیں۔ اس عمل کی برکت سے الحمد للہ چند ماہ میں اُن کے گھر آباد ہو گئے۔ اپنے پسندیدہ رسالہ کے لیے اپنا مجرب اور زیر استعمال عمل پیش کر رہی ہوں۔ انشاء اللہ جس کی برکت سے تین سے چار ماہ میں جن کی شادی کے پیغامات نہ آتے ہوں۔ ان کا کسی نیک اور اچھے انسان سے نکاح ہو جائے گا اور ساری زندگی آرام و سکون سے گزرے گی۔ میں انشاء اللہ ہر ماہ اپنے مجرب سریع الاثر عملیات پیش کرتی رہوں گی۔ خواتین کے خاندانی مسائل اور ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لیے میری روحانی خدمات حاضر ہیں۔ میری بہنیں اور مائیں بلا جھجک رابطہ کر سکتی ہیں۔ لیکن عزت و احترام اور سادات کی عظمت کا احساس ضروری ہے۔ عمل حاضر ہے:

سائلہ کا نام افشاں تقوی: ۵۹۸

بسم اللہ شریف کے اعداد: ۷۸۶

آیت مبارکہ کے اعداد: ۲۸۹۸

مقصد شادی ہو جائے: ۳۴۰

ٹوٹل: ۴۶۲۲

تقسیم: ۴

جواب: ۱۱۴۸

۷۸۶

جبرائیل

۱۱۵۵	۱۱۵۸	۱۱۶۱	۱۱۴۸
۱۱۶۰	۱۱۴۹	۱۱۵۴	۱۱۵۹
۱۱۵۰	۱۱۶۳	۱۱۵۶	۱۱۵۳
۱۱۵۷	۱۱۵۲	۱۱۵۱	۱۱۶۲

عزرائیل

اسرافیل

نوٹ: نام کے حروف جس عنصر کی زیادتی ہو گی، اسی عنصر کا نقش پُر کیا جائے گا۔

حصولِ دولت کے چند عجیب و غریب آسان ٹوٹکے

پرائز بانڈ، لاٹری، خوش بختی، ترقی کاروبار، حل المشکلات، عند الحاجت

آئینہ قسمت کے لیے یہ مضمون حافظ سید محسن علی زنجانی اور سید محمد علی زنجانی (UK) کی مشترکہ کاوش و انتخاب ہے (ادارہ)

اس مادہ پرستی کے دور میں ادارہ آئینہ قسمت میں روزمرہ سائلین اپنے معاشی مسائل لے کر آتے ہیں۔ یہ مضمون خاص کر ان بہن بھائیوں کے لیے تحقیق کیا گیا ہے جو ان مسائل کا شکار ہیں۔ آئینہ قسمت جو کہ پاک و ہند، مڈل ایسٹ، عرب ریاستوں بلکہ تمام ایشیاء، یورپ اور امریکہ میں یکساں طور پر مقبول عام ہے۔ بلا مذہب و امتیاز ہر مکتبہ فکر کے لوگوں میں پڑھا جاتا ہے، لہٰذا اس مضمون کو اسی نقطہ نظر سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آپ اپنی پسند سے کوئی سا عمل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ان اعمال کی اجازت ہے۔ تاہم خصوصی اجازت کے خواہاں ہوں تو عامل شاہ زنجانی کو جوابی لفافہ روانہ فرما کر اجازت لے سکتے ہیں۔

دستِ غیب کا مجرب عمل

ایک خاص علم جفر کا مجرب عمل جو خاندان زنجانیہ کے بزرگوں کا معمول چلا آرہا ہے، پیش کرتا ہوں۔ امید ہے کہ ضرورت مند اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوں گے، صرف حسن اعتقاد اور کامل یقین کرنا شرط ہے۔ ناممکن ہے کہ اس پر عمل کرنے کے بعد آپ فیض یاب نہ ہوں، آپ اس عمل زنجانی کو نہایت پختہ اعتماد اور یقین محکم کے ساتھ کریں۔ آپ پر اللہ اپنے غیبی خزانے کے منہ کھول دے گا۔ تنگ دستی، مفلسی اور جملہ ملحق شدہ پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا۔ انشاء اللہ

عمل مبارک درج ذیل ہے:

نیا چاند دیکھنے پر جو پہلا اتوار کا دن آئے، اس اتوار کو یہ عمل شروع کریں مگر دن اتوار (نوچندی) کا ہو۔ یعنی اتوار کا دن گزر کر جو رات آئے، جس کی صبح کو پیر ہو۔ غروبِ آفتاب سے رات کے 12 بجے تک اس عمل کا وقت ہے، 12 بجے کے بعد پھر اس عمل کا وقت نہیں رہتا۔


اول و آخر سات سات مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 70 مرتبہ الحمد شریف پڑھو۔ دوسری رات میں چھ چھ مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 60 مرتبہ الحمد شریف، منگل کے دن پانچ پانچ مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 50 مرتبہ الحمد شریف، بدھ کے دن چار چار مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 40 مرتبہ الحمد شریف، جمعرات کے دن تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 30 مرتبہ الحمد شریف، جمعہ کے روز اول و آخر دو دو مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 20 مرتبہ الحمد شریف اور ہفتہ کی رات میں ایک ایک مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں صرف 10 مرتبہ سورۃ الحمد شریف مع بسم اللہ شریف ہر مرتبہ۔

بس ہفتہ بھر کا عمل ختم ہوا۔ بفضل خدا و رسولؐ اسی ایک ہفتہ میں عمل کے نیک آثار پیدا ہوں گے۔ مگر مکمل عمل اسی طرح سے صرف تین ماہ پہلے ہفتہ کرنا ہے۔ خدا نے چاہا تو اس سے آپ کی جملہ ملحق شدہ پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا، غیب سے روزی کے سامان پیدا ہوں گے۔

اب یہ خدا کی دین ہے کہ وہ اپنے باطنی اور پوشیدہ خزانے سے آپ کو کیا کچھ عطا فرماتا ہے مگر روزی کے متعلق جو پریشانی تھی، وہ الحمدللہ ختم ہو جائے گی۔

جو اصحاب یہ عمل رات کو نہیں پڑھ سکتے وہ دن کو پڑھ لیا کریں یا جو وقت فرصت میں ملے، دن رات میں پڑھ لیا کریں۔ غیر وقت پڑھنے سے عمل میں کامل اثر تو نہ ہوگا، مگر برکت اور کامیابی سے خالی نہ رہے گا۔

صحیح اور کامل اثر والا وقت یہی ہے کہ غروب آفتاب سے رات کے 12 بجے تک پڑھا جائے، تبھی اس کے اثرات کامل و مکمل ہوتے ہیں۔ عامل حضرات اس عمل کرنے سے پہلے شاہ زنجانی سے اس کی اجازت لے لیں تو زیادہ مستحسن ہوگا۔ شاہ زنجانی کی دعائیں بھی آپ کے شامل حال رہیں گی۔



حاجت پوری ہونے کیلئے مجرب عمل

ایسی حاجت جو نہایت دشوار ہو اور سبیل نظر نہ آتی ہو آپ حضرت شہزادہ قاسم بن امام حسن علیہ السلام کے ولیمہ کی منت مانیں پھر 14 سادات (کل چودہ افراد) کے گھر جا کر انہیں ان الفاظ میں دعوت دیں کہ "میں نے حضرت قاسم علیہ السلام کا کربلا کے دولہے کا ولیمہ پکایا ہے، آپ کو دعوت ہے، پھر حسب استطاعت کھانا پکا کر پاک پاکیزہ جگہ رکھ کر سات مرتبہ الحمد اور پانچ مرتبہ توحید پھر سات مرتبہ سورۃ یاسین پڑھ کر اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف کا ہدیہ شہید مظلوم حضرت قاسم بن امام حسین علیہ السلام کے حضور ہدیہ کرے اور دعوت پر آئے، لوگوں میں تقسیم کرے، مگر خود اور اپنے اہل خانہ کو ساتھ نہ کھلائے۔ جب لوگ دعوت ولیمہ کھا کر تشریف لے جائیں تو بچا ہوا کھانا سامنے رکھ کر حضرت قاسم علیہ السلام کا مرثیہ عروسی پڑھے، پھر دعا مانگے یا حضرت صدیقہ کبریٰ سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا میں سے آپ کے پوتے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے یتیم اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے داماد حضرت قاسم علیہ السلام کا ولیمہ پکایا۔ جس کا ولیمہ کربلا والے نہ کر سکے، مخدومہ اس کو قبول فرما اور میری یہ حاجت ہے (اپنی حاجت بیان کرے) اس کو پورا فرما۔ انشاء اللہ جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

حل المشکلات

(1) جب کوئی چیز گم ہو جائے۔ (2) کسی اہم کام میں رکاوٹ ہو۔ (3) بیٹی یا بیٹے کا رشتہ نہ ہو۔ (4) کسی سے کوئی اہم کام ہو اور وہ لیت و لعل کر رہا ہو۔ (5) نوکری کا مسئلہ ہو۔ غرض ہر کام کے لیے راقم السطور نے اس کو مجرب پایا ہے۔ وہ عظیم الشان نذر ہے، فرزندان حضرت مسلم بن عقیل یعنی شہزادہ محمد و ابراہیم علیہم السلام کی کوئی میٹھی چیز حسب استطاعت لے کر اس پر الحمد سات مرتبہ، سورۃ قدر سات مرتبہ، توحید سات مرتبہ اور اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف پڑھ کر شہزادہ مظلوم محمد بن مسلم اور شہزادہ مظلوم ابراہیم بن مسلم علیہ السلام کی روح اقدس کو ہدیہ کرے اور غروب آفتاب کے وقت چوراہے پر کھڑے ہو کر وہی سورتیں دوبارہ شہیدان کوفہ کے حضور ہدیہ کرے اور حاجت مانگے۔ اے کم سن شہزادو آپ کو اپنے شہید والد حضرت مسلم بن عقیل علیہ السلام کا واسطہ آپ کو خود اپنی مظلومی کا واسطہ، کوفہ میں جو مصائب آپ پر آئے شہزادو آپ کو اپنی عظمت و شہادت کا واسطہ، میری (یہ حاجت ہے)، پوری کریں۔ پھر وہ مٹھائی یا میٹھی چیز چوراہے پر ہی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ عشاء کی نماز سے پہلے قبولیت کی خبر نشانی مل جاتی ہے، خواہ فون آ جائے یا پیغام آ جائے۔

مجرب ہر جائز کشائش کیلئے

مند الحاجت اگر جمعرات کے روز سے شروع ہو کر سات دن تواتر کے ساتھ ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف طلوع فجر سے پہلے پڑھے اور اس کا ہدیہ امام ہشتم امام علی رضا علیہ السلام کے حضور ہدیۂ کرے جو جلد کشائش ہوتی ہے، آخری دن کچھ تبرک تیار کرے اور بچوں میں تقسیم کرے، مجرب ہے۔

عمل ثانی کشائش کیلئے

اگر حاجت مند ہر روز دو رکعت نماز ہدیۂ حضرت فاطمہ بنت موسیٰ بن جعفر علیہ السلام پڑھے، پھر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین اور آخر میں مخدومہ کی زیارت جو مفاتیح الجنان یا ضیاء الصالحین کتب زیارات پڑھے۔ 28 دن کے اندر دامن مراد پُر ہو جاتا ہے مگر عمل 41 دن پورے کرے۔

خاتمہ مشکلات کیلئے

ہر مشکل کے لیے اس نورانی شعر کو کم از کم اسی مرتبہ پڑھے:

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار

لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

اگر اس شعر کو حضرت علیہ السلام کے اعداد 110 کے مطابق ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اتوار کے دن ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھ کر اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف 110 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پھر 110 مرتبہ شاہ مرداں، شیر یزداں، قوت پروردگار۔ لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار پڑھے۔ انشاء اللہ جلد اثرات ظاہر ہوں گے، مگر مداومت شرط ہے۔



حصولِ دولت بذریعہ لاٹری (قرعہ اندازی)

ہندو پاک، امریکہ، یورپ میں روزانہ اشخاص لاٹری کے ٹکٹ خریدتے ہیں مگر ان میں صرف کچھ ہی ایسے خوش قسمت ہوتے ہیں جن کے نام لاٹری کھلتی ہے۔ یہاں پر لاٹری حاصل کرنے کا ایک عمل تحریر کیا جاتا ہے۔ اس عمل میں کامیابی قسمت پر منحصر ہوتی ہے۔

جس دن لاٹری کا ٹکٹ خریدنا ہو اس دن علی الصبح غسل کریں۔ قرآن پاک سے سورۃ واقعہ کی تلاوت کریں اور پرائز بانڈ کا نمبر لا کر سورۃ واقعہ میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہو سکے گی، لیکن پرائز بانڈز کے نمبرز آپ کی تاریخ پیدائش کے اعداد کے مطابق ہوں۔

اپنے اعداد اپنی صحیح تاریخ پیدائش سے نکالیں، ان اعداد کو اعداد قسمت کہتے ہیں۔ ان میں بھول ہونے پر آپ فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جائیں گے۔

ٹوٹکہ مال فروخت کیلئے

جن کاروباری بھائیوں کا مال لاکھ کوشش کرنے کے بعد بھی فروخت نہیں ہو رہا ہے یا کسی شخص کے لاکھ کوشش کرنے پر بھی گھر میں خوشحالی نہیں ہو رہی ہے تو وہ مندرجہ ذیل ٹوٹکہ کو عمل میں لائیں۔

عروج ماہ کی جمعرات سے عمل شروع کر کے ہر جمعرات کو بلا رکاوٹ عمل کریں۔

عمل: گھر یا کاروباری جگہ کے صدر دروازہ کے ایک کونے کو عرق گلاب سے دھولیں اور اس کے بعد ہلدی سے ۷۸۶ کا نشان بنائیں۔ اس پر چنے کی دال اور تھوڑا سا گڑ رکھ دیں، اس کے بعد اس کا نشان کو بار بار نہ دیکھیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کے مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور گھر میں ہر طرح کی خوشحالی ہو جائے گی۔

نئے مکان میں خوشحالی و دولت کیلئے

نیا مکان بنوا کر یا نیا کاروبار یا دکان کر کے مختلف پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ وہ اپنا نیا مکان فروخت کر دیتے ہیں اور دکان و کاروبار کو ختم کر دیتے ہیں۔ ایسے اشخاص کی دولت بھی ختم ہو جاتی ہے اور بلاوجہ محنت بھی ضائع ہو جاتی ہے اور رسوائی الگ سے ملتی ہے، اس لیے آپ جب بھی نیا مکان بنوائیں تو اس مکان کی بنیاد میں مندرجہ ذیل چیزیں رکھ دیں یا کاروباری جگہ پر دفن کر دیں۔ میرا تجربہ ہے کہ یہ چیزیں فائدہ پہنچانے کے ساتھ ساتھ ٹونے ٹوٹکوں سے بچاؤ بھی کرتی ہیں۔ اس عمل میں مندرجہ ذیل چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

(1) تانبہ کی لٹیا معہ ڈھکن (2) چاندی کا سانپ سانپنی کا جوڑا
(3) چاندی کا ایک چھوٹا سا پترا چوکور (4) پانچ چھوٹی سپاریاں
(5) ہلدی کی سات ثابت اور صاف گانٹھیں

ان سب چیزوں کو تانبہ کی لٹیا میں پاک و صاف پانی بھر کر ڈال دیں۔ اس کے بعد اس پر اچھی طرح ڈھکن لگا دیں۔ اب یہ برتن صدر دروازہ کے مغرب کی طرف دفن کر دیں۔ اگر ممکن ہو سکے تو کسی عامل کامل سے رائے لے لیں۔ یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔


اچانک اور غیر متوقع دولت حاصل کرنے کیلئے

اگر آپ کسی وجہ سے پریشان ہیں، بغیر روپے کے آپ کو طرح طرح کی پریشانیاں برداشت کرنی پڑ رہی ہیں تو آپ مندرجہ ذیل عبارت اکیاون ہزار مرتبہ پڑھ کر تسخیر کر لیں۔ پھر اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کو اچانک کسی بھی ذریعہ یا پرائز بانڈز وغیرہ سے غیر متوقع دولت حاصل ہو گی۔ عبارت یہ ہے:

بیٹھے چبوترے پڑھے قرآن
ہزار کام دنیا کا کرے ایک کام میرا کر نہ
کرے تو ایک لاکھ چودہ ہزار پیغمبر کی دھائی

حصول یابی وراثت


کئی مرتبہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وراثت میں آنے والی جائیداد ہونے کے باوجود بھی کسی نہ کسی وجہ سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس کی مختلف شکلی



وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ایسے حالات ہونے پر وراثت کی حصول یابی کے لیے مندرجہ ذیل عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

جو شخص وراثت کی جائیداد کو حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ شخص بروز پیر سفید چتبری رنگ کی کوڈی کو باریک پیس لیں اور اس کوڈی کے سفوف کو اس شخص کے صدر دروازے پر ڈال دے، جس شخص سے وراثت کی جائیداد حاصل کرنی ہے۔ اس عمل کو وقفہ وقفہ کے ساتھ کئی مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کے اثر سے اس شخص کو وراثت کی جائیداد حاصل ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

دولت حاصل کرنے کیلئے



ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے دکھی پریشان ہے، گھر میں عیش و عشرت کے سامان دیکھنا چاہتا ہے، کوئی کاروبار میں حسب منشاء ترقی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہے، کوئی روزگار یا نوکری نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہے تو ایسے متاثرہ شخص کو چاہیے کہ سعد وقت یا شرف قمر میں اوپر بنائے گئے نقش کو زعفران سے لکھ کر بخور کی دھونی دے کر شیشہ کے فریم یا کسی اور محفوظ جگہ پر کر لگائیں۔ اس کے اثر سے مطلوبہ شخص کی دلی مراد ہر حالت میں پوری ہو گی۔ یہ نقش آپ کی قسمت کو پلٹ دے گا، زندگی کی ہر ضروریات پوری ہونے لگیں گی، گھر میں آرام و سکھ اور کاروبار میں ترقی و برکت ہو گی۔

مال فروخت کی زیادتی

ہمارے ملک کا کاروباری طبقہ عام طور پر فروخت کم ہونے یا بندش ہونے پر زیادہ فکر مند رہتا ہے۔ اگر ایسا شخص اس طرح کی پریشانی میں مبتلا ہے تو وہ مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کریں۔

بروز اتوار عرقِ گلاب لے لیں۔ اس پر چھ مرتبہ یا رحمٰن یا رزاق پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد اس عرقِ گلاب کو دفتر یا دکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دیں۔ اس کے بعد تھوڑے سے ثابت کالے آرڈ لے کر ان پر گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دم کر کے دفتر اور دکان میں چاروں طرف پھینک دیں۔ اس عمل کے کرنے سے دکان میں مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور بے انتہا منافع ہونا شروع ہو جائے گا۔ عبارت یہ ہے:

بھنور دیر تو چیلا میرا، کھول دکان کھا کر میرا، اُٹھے جو ڈنڈی بکے جو مال، بھنور دیر سوں نہیں جائے۔

نظرِ بد کیلئے نعل

اگر آپ کسی دکان یا مکان کے صدر دروازہ کو غور سے دیکھیں تو ایک لوہے کی نعل جو گھوڑوں کے کھر میں لگائی جاتی لگی ہوئی صاف نظر آئے گی۔ اس نعل کا استعمال کاروبار یا مکان کو نظر بد سے یا ٹونے ٹوٹکہ سے بچاؤ کے لیے کیا جاتا ہے۔

اس کام کے لیے عام طور پر غلطی سے کوئی بھی نعل کسی بھی دن لگا دی جاتی ہے۔ جبکہ اس کے لگانے کا قانون یہ ہے کہ نعل صرف گھوڑے کی ہو۔ اس کے لیے گھوڑے کی نعل لے کر اس کو پاک پانی یا عرق گلاب سے دھولیں۔ اگر کاروباری جگہ یا مکان کا منہ مشرق کی جانب ہو تو بروز منگل اور اگر جنوب کی جانب ہو تو اس نعل کو بروز جمعہ لگائیں اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نعل کا کھلا منہ نیچے کی جانب ہو۔ اس طرح اس عمل کے اثر سے کاروبار یا مکان کو نظر بد و ٹونہ ٹوٹکے سے تحفظ حاصل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ادارہ آئینہ قسمت سے نقش اسم اعظم منسوب باب العلم "مشکل کشا" بھی تحفتاً حاصل کر کے گھر میں یا صدر دروازہ پر لگانے سے گھر میں خوشحالی و برکت رہے۔



ازتحریر: ڈاکٹر نیر عباس علوی، لاہور

کرشمات صدری عملیات

مالِ کثیر حاصل کرنے کا مجرب عمل

٧٨٦

١٢٨/١١٨/١٣٥/١١٠/٩٢/٦٦

اجب یا جبرائیل بحق یا اللہ

یا اللہ ٦٦	یا ولی ٤٦	یا نافع ٢٠١
٤٨	٢٠٠	٦٥
١٩٩	٦٧	٤٧

کہیعص

حمعسق

الٰہی بحق چہار دہ معصومین علیہم السلام

فلاں بن فلاں کو غیب سے کثیر مال و

دولت عطا فرما بحق یا اللہ یا وَلِیُّ یا نافع

١٠	٢	٨
٤	٧	٩
٦	١١	٣

نیاز عمل:

یہ نقش اپنی مثال آپ ہے، رزق کے سلسلے میں انتہائی اہم ہے۔ اسلام کی بنیادی کامیابی جنگ بدر سے حاصل ہوئی، جس میں مجاہدین اسلام کی تعداد 313 تھی۔ جس کا مفرد عدد 7 ہے۔ جو جناب حضرت ابو الفضل العباس علمدار حسین علیہ السلام کے نام کے اعداد 133 کا ہے۔ جو ہر ذی شعور آدمی کے لیے مخفی نہیں ہے۔ جنگ کربلا بھی حق و باطل، مومن و منافق کے درمیان تمیز کی، جنگ تھی غیرت عزت نفس اور بارگاہ خداوندی میں قربانی جان و مال کی جنگ ہے۔ جس میں قلیل مقدار نے کثیر لشکر نفاق پر وہ کامیابی حاصل کی کہ حق حسینؑ اور بدی یزید کا مقدر بن گئی۔ شہداء کربلا کے نام پر نیاز دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ کھیر پکا کر باوضو تقسیم کی جائے، بہت فائدہ ہوگا۔

بخور عمل:

بوقت تحریر نقش اچھی سی اگربتی ضرور سلگائیں۔ اگر ہر اگربتی پر 11 بار وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ۔ پڑھ کر دم کرکے جلائیں تو جنات کی بندش کے سبب مال کی رکاوٹ کھل جاتی ہے۔

روحانی سیاہی:

زعفران میں عرقِ گلاب و روح کیوڑہ ملا کر سیاہی بنائیں اور اس پر 313 بار یا وَلِیُّ یا نَافِعُ یا اللہ پڑھ کر دم کریں۔ اس سیاہی سے لکھا گیا نقش یقیناً پر تاثیر ہوگا۔ ضرور سیاہی بنائیں۔

روحانی قلم دوات:

تازہ پھل دار درخت کی قلم بنائیں اور اس پر انہی اسماء کا 313 بار ورد کریں اور انہی اسماء اعظم کی تکسیر جفری کریں۔ یہ نقش اس کی پشت پر لکھیں، یہ ایسا راز ہے جو اس کو پا گیا۔ یقیناً دست غیب کا حق دار ہوگا، مولا کامیابی عطا کرے۔

تکسیر جفری:

ا	ل	ل	ھ	و	ل	ی	ن	ا	ت	ع
ع	ا	ت	ل	ا	ل	ن	ھ	ی	و	ل
ل	ع	و	ا	ی	ت	ھ	ل	ن	ا	ل
ل	ل	ا	ع	ن	و	ل	ا	ھ	ی	ت
ت	ل	ی	ل	ھ	ا	ا	ع	ل	ن	و
و	ت	ن	ل	ل	ی	ع	ل	ا	ھ	ا

بقیہ صفحہ نمبر 23 پر

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان

کمالاتِ جفر زہرہ مشتری تثلیث

حاضری مطلوب، حسبِ منشاء شادی، تسخیر و رجوعِ خلق

علم جفر ایک زبردست اور دقیق علم ہے اس کے اصول و ضوابط اور نتائج بڑے حیران کن ہوتے ہیں۔ ہر علم میں چند لازمی قواعد اور اصول ہوتے ہیں۔ ہر علم کی بنیاد اس کی ابجد ہوتی ہے اور اسی عملیات جفر کی بنیاد بھی قواعد و شرائط عملیات پر ہے۔ جفری عملیات و طلسم خصوصی اوقات کی تاثیرات کو مدنظر رکھ کر تیار کیے جاتے ہیں اور جب تک مختلف اوقات کی تاثیرات اور قوتوں سے واقفیت نہ ہو گی جفری عملیات تیار کر کے ان کے اثرات کا مظاہر دیکھنا ناممکن ہے۔ اوقات کی تاثیرات سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے علم نجوم یعنی بروج اور سیارگان کی آپس میں دوستی دشمنی سے تعلق جوڑنے کے لیے وقت نکالنا پڑتا ہے۔ جب مختلف اوقات سے بہرہ ور ہو جائیں گے تو سیارگان کی قوت کو اپنے اعمال میں جذب کرنے کی صلاحیت حاصل کر لیں گے۔ حدیث پاک ہے:

کُلّ امر مرھونِ بَاوقاتھا۔ ہر امر کسی خاص وقت کا مرہونِ منت ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کائنات میں ہر لحہ کسی نہ کسی مقصد کے لیے مقرر کیا ہے۔ دن رات کے چوبیس گھنٹے کسی نہ کسی مقصد کے لیے مقرر ہیں۔ یہ اوقات کی منسوبات ماہرین علم و جفر و نجوم نے اپنے علم اور تجربات سے عبارت کیے ہیں۔ انسانی زندگی کے تمام امور خوش بختی اور بد بختی پر منحصر ہیں۔ حدیث مبارکہ کے مطابق ضروری ہے کہ کامیابی کے لیے درست انتخاب کیا جائے، روزانہ امور زندگی ہوں یا عملیاتی امور ہوں ان کو انجام دینے کے لیے ساعتوں کا علم ہونا ضروری ہے تا کہ ان سے صحیح راہنمائی حاصل کی جا سکے۔ احساسات وقت کی قوتوں کے اندر جذب ہوتے ہیں اور عامل خود اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ یہ نیک وقت پر شروع کیا ہے۔ درست وقت پر عمل کا استخراج ناکامی سے دوچار نہیں کرتا، درست وقت ایک بہت بڑی طاقت ہے اور اس کا حصول کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ عمل کتنا ہی طاقت ور ہو اگر مناسب وقت پر نہیں کیا گیا تو اس کی پوشیدہ روحانی قوتیں متحرک ہونے میں ناکام رہتی ہیں۔ میں اپنے مضامین میں مبادیاتِ عمل اور اثرات وقت پر اکثر زور دیتا ہوں۔ وجہ اس کی یہی ہے کہ ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے۔ اکثر عملیات حب و تالیف و رجوع قلب و حاضری مطلوب شرف یا اوج زہرہ میں کیے جاتے ہیں۔ اگر یہ اوقات میسر نہ ہوں تو نظرات سے کام لیا جاتا ہے۔ یہ نظرات سعد بعض اوقات شرف سے بھی زیادہ موثر ہوتی ہیں۔ سال آخری دو ماہ میں کئی اچھی نظرات حامل ہوں گی، ان میں حصولِ مقصد کے لیے کام کیا جا سکتا ہے۔ سعد نظر میں تسخیر محبوب، حب منشاء شادی و نکاح، کاروبار، تسخیران افسران و مال و دولت، استحکام جائیداد و ازدواجی تعلقات، مقدمہ، امتحان غرض ہر نیک مقصد کے علاوہ تباہی دشمناں، زبان بندی، ناجائز تعلقات کا خاتمہ اور طلاق، عداوت و بغض کے اعمال تیار کیے جا سکتے ہیں۔ ایسی ہی ایک سعد اور طاقتور نظر زہرہ مشتری کی تثلیث ہے۔ زہرہ مشتری دونوں سعد اکبر ستارے ہیں، ان میں تثلیث حب و عشق، تسخیر خلق کے لیے بہت موثر ہے۔ یاد رکھیے اعمال صرف عشق و حب پر ہی ختم نہیں۔ ان اوقات میں انسانی زندگی میں مختلف درپیش مسائل سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ان اعمال کی روحانیت سے کام لیا جاتا ہے۔ اگر ہمارا نظریہ یہ ہو کہ دیے گئے اور تعریف شدہ عمل صرف جنس مخالف و مونث کو تسخیر کرنے کے لیے ہیں تو یہ ہماری خام خیالی ہے اور محدود سوچ کی غمازی ہے۔ اگر فی الفرض ہم اس بات کو پختہ کر لیں کہ زندگی کے دوسرے مسائل مثلاً رزق، بیماری، مقدمہ، قرض، بیرونِ ملک سفر، خاندانی جھگڑے اور مسائل زمین و جائیداد پیداوار جنس کے لیے الگ اعمال اور وظائف تخلیق

اگر کسی نوجوان لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورہ ممتحنہ ایک نشست میں پانچ مرتبہ پڑھ کر لڑکی اپنی شادی کے لیے دعا کرے اور اس عمل کو مسلسل پانچ روز تک کرے۔ اگر لڑکی خود نہ کر سکے تو اس کی والدہ یا بہن بھائی عمل کرے اور پھر اس لڑکی کا نام لے کر شادی کی دعا کرے۔ عمل سے قبل مندرجہ ذیل نقش جو اسی سورہ مبارکہ کا ہے، تحریر کر کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا، نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲۵۳۳۷	۲۵۳۳۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۳۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

بخت کشادہ فلاں بنت فلاں

مندرجہ ذیل اعمال و نقوش مجرب ہیں۔ ان کنواری بچیوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ جن کا رشتہ نہ آ رہا ہو اور شادی کی عمر گزرتی جا رہی ہو۔ ان کے لیے نوید مسرت ہیں۔ ہم نے ہر بات وضاحت سے تحریر کر دی ہے۔ ہماری دعا ہے کہ ہر ضرورت مند ان اعمال و نقوش سے فیض حاصل کر سکے۔

حصولِ دولت کے چند عجیب و غریب آسان ٹوٹکے

پرائز بانڈ، لاٹری، خوش بختی، ترقی کاروبار، حل المشکلات، عند الحاجت

آئینہ قسمت کے لیے یہ مضمون حافظ سید محسن علی زنجانی اور سید محمد علی زنجانی (UK) کی مشترکہ کاوش و انتخاب ہے (ادارہ)

اس مادہ پرستی کے دور میں ادارہ آئینہ قسمت میں روزمرہ سائلین اپنے معاشی مسائل لے کر آتے ہیں۔ یہ مضمون خاص کر ان بہن بھائیوں کے لیے تحقیق کیا گیا ہے جو ان مسائل کا شکار ہیں۔ آئینہ قسمت جو کہ پاک و ہند، مڈل ایسٹ، عرب ریاستوں بلکہ تمام ایشیاء، یورپ اور امریکہ میں یکساں طور پر مقبول عام ہے۔ بلا مذہب و امتیاز ہر مکتبہ فکر کے لوگوں میں پڑھا جاتا ہے، لہٰذا اس مضمون کو اسی نقطہ نظر سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آپ اپنی پسند سے کوئی سا عمل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ان اعمال کی اجازت ہے۔ تاہم خصوصی اجازت کے خواہاں ہوں تو عامل شاہ زنجانی کو جوابی لفافہ روانہ فرما کر اجازت لے سکتے ہیں۔

دستِ غیب کا مجرب عمل

ایک خاص علم جفر کا مجرب عمل جو خاندانِ زنجانیہ کے بزرگوں کا معمول چلا آ رہا ہے، پیش کرتا ہوں۔ امید ہے کہ ضرورت مند اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوں گے، صرف حسن اعتقاد اور کامل یقین کرنا شرط ہے۔ ناممکن ہے کہ اس پر عمل کرنے کے بعد آپ فیض یاب نہ ہوں، آپ اس عمل زنجانی کو نہایت پختہ اعتماد اور یقین محکم کے ساتھ کریں۔ آپ پر اللہ اپنے غیبی خزانے کے منہ کھول دے گا۔ تنگ دستی، مفلسی اور جملہ ملحق شدہ پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا۔ انشاء اللہ

عمل مبارک درج ذیل ہے:

نیا چاند دیکھنے پر جو پہلا اتوار کا دن آئے، اس اتوار کو یہ عمل شروع کریں مگر دن اتوار (نوچندی) کا ہو۔ یعنی اتوار کا دن گزر کر جو رات آئے، جس کی صبح کو پیر ہو۔ غروب آفتاب سے رات کے 12 بجے تک اس عمل کا وقت ہے، 12 بجے کے بعد پھر اس عمل کا وقت نہیں رہتا۔


اول و آخر سات سات مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 70 مرتبہ الحمد شریف پڑھو۔ دوسری رات میں چھ چھ مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 60 مرتبہ الحمد شریف، منگل کے دن پانچ پانچ مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 50 مرتبہ الحمد شریف، بدھ کے دن چار چار مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 40 مرتبہ الحمد شریف، جمعرات کے دن تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 30 مرتبہ الحمد شریف، جمعہ کے روز اول و آخر دو دو مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 20 مرتبہ الحمد شریف اور ہفتہ کی رات میں ایک ایک مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں صرف 10 مرتبہ سورۃ الحمد شریف مع بسم اللہ شریف ہر مرتبہ۔

بس ہفتہ بھر کا عمل ختم ہوا۔ بفضل خدا و رسولؐ اسی ایک ہفتہ میں عمل کے نیک آثار پیدا ہوں گے۔ مگر مکمل عمل اسی طرح سے صرف تین ماہ پہلے ہفتہ کرنا ہے۔ خدا نے چاہا تو اس سے آپ کی جملہ ملحق شدہ پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا، غیب سے روزی کے سامان پیدا ہوں گے۔

اب یہ خدا کی دین ہے کہ وہ اپنے باطنی اور پوشیدہ خزانے سے آپ کو کیا کچھ عطا فرماتا ہے مگر روزی کے متعلق جو پریشانی تھی، وہ الحمد للہ ختم ہو جائے گی۔

جو اصحاب یہ عمل رات کو نہیں پڑھ سکتے وہ دن کو پڑھ لیا کریں یا جو وقت فرصت میں ملے، دن رات میں پڑھ لیا کریں۔ غیر وقت پڑھنے سے عمل میں کامل اثر تو نہ ہوگا، مگر برکت اور کامیابی سے خالی نہ رہے گا۔

صحیح اور کامل اثر والا وقت یہی ہے کہ غروب آفتاب سے رات کے 12 بجے تک پڑھا جائے، تبھی اس کے اثرات کامل و مکمل ہوتے ہیں۔ عامل حضرات اس عمل کرنے سے پہلے شاہ زنجانی سے اس کی اجازت لے لیں تو زیادہ مستحسن ہو گا۔ شاہ زنجانی کی دعائیں بھی آپ کے شامل حال رہیں گی۔



حاجت پوری ہونے کیلئے مجرب عمل

ایسی حاجت جو نہایت دشوار ہو اور سبیل نظر نہ آتی ہو آپ حضرت شہزادہ قاسم بن امام حسن علیہ السلام کے ولیمہ کی منت مانیں پھر 14 سادات (کل چودہ افراد) کے گھر جا کر انہیں ان الفاظ میں دعوت دیں کہ "میں نے حضرت قاسم علیہ السلام کا کربلا کے دولہے کا ولیمہ پکایا ہے، آپ کو دعوت ہے، پھر حسب استطاعت کھانا پکا کر پاک پاکیزہ جگہ رکھ کر سات مرتبہ الحمد اور پانچ مرتبہ توحید پھر سات مرتبہ سورۃ یاسین پڑھ کر اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف کا ہدیہ شہید مظلوم حضرت قاسم بن امام حسین علیہ السلام کے حضور ہدیہ کرے اور دعوت پر آئے لوگوں میں تقسیم کرے، مگر خود اور اپنے اہل خانہ کو ساتھ نہ کھلائے۔ جب لوگ دعوت ولیمہ کھا کر تشریف لے جائیں تو بچا ہوا کھانا سامنے رکھ کر حضرت قاسم علیہ السلام کا مرثیہ عردی پڑھے، پھر دعا مانگے یا حضرت صدیقہ کبریٰ سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا میں سے آپ کے پوتے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے یتیم اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے داماد حضرت قاسم علیہ السلام کا ولیمہ پکایا۔ جس کا ولیمہ کربلا والے نہ کر سکے، مخدومہ اس کو قبول فرما اور میری یہ حاجت ہے (اپنی حاجت بیان کرے) اس کو پورا فرما انشاء اللہ جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

حل المشکلات

(1) جب کوئی چیز گم ہو جائے۔ (2) کسی اہم کام میں رکاوٹ ہو۔ (3) بیٹی یا بیٹے کا رشتہ نہ ہو۔ (4) کسی سے کوئی اہم کام ہو اور وہ لیت و لعل کر رہا ہو۔ (5) نوکری کا مسئلہ ہو۔ غرض ہر کام کے لیے راقم السطور نے اس کو مجرب پایا ہے۔ وہ عظیم الشان نذر ہے، فرزندان حضرت مسلم بن عقیل یعنی شہزادہ محمد و ابراہیم علیہم السلام کی کوئی میٹھی چیز حسب استطاعت لے کر اس پر الحمد سات مرتبہ، سورۃ قدر سات مرتبہ، توحید سات مرتبہ اور اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف پڑھ کر شہزادہ مظلوم محمد بن مسلم اور شہزادہ مظلوم ابراہیم بن مسلم علیہ السلام کی روح اقدس کو ہدیہ کرے اور غروب آفتاب کے وقت چوراہے پر کھڑے ہو کر وہی سورتیں دوبارہ شہیدان کوفہ کے حضور ہدیہ کرے اور حاجت مانگے۔ اے کم سن شہزادو آپ کو اپنے شہید والد حضرت مسلم بن عقیل علیہ السلام کا واسطہ آپ کو خود اپنی مظلومی کا واسطہ، کوفہ میں جو مصائب آپ پر اے شہزادو آپ کو اپنی عظمت و شہادت کا واسطہ، میری (یہ حاجت ہے، پوری کریں۔ پھر وہ مٹھائی یا میٹھی چیز چوراہے پر ہی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ عشاء کی نماز سے پہلے قبولیت کی خبر نشانی مل جاتی ہے، خواہ فون آجائے یا پیغام آجائے۔

مجرب ہر جائز کشائش کیلئے

مند الحاجت اگر جمعرات کے روز سے شروع ہو کر سات دن تواتر کے ساتھ ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف طلوع فجر سے پہلے پڑھے اور اس کا ہدیہ امام ہشتم امام علی رضا علیہ السلام کے حضور ہدیۂ کرے جو جلد کشائش ہوتی ہے، آخری دن کچھ تبرک تیار کرے اور بچوں میں تقسیم کرے، مجرب ہے۔

عمل ثانی کشائش کیلئے

اگر حاجت مند ہر روز دو رکعت نماز ہدیۂ حضرت فاطمہ بنت موسیٰ بن جعفر علیہ السلام پڑھے، پھر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین اور آخر میں مخدومہ کی زیارت جو مفاتح الجنان یا ضیاء الصالحین کتب زیارات پڑھے۔ 28 دن کے اندر دامن مراد پر ہو جاتا ہے مگر مکمل 41 دن پورے کرے۔


خاتمہ مشکلات کیلئے

ہر حل کے لیے اس نورانی شعر کو کم از کم اسی مرتبہ پڑھے:

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار

لافتی الاعلی لا سیف الا ذوالفقار

اگر اس شعر کو حضرت علیہ الیہ السلام کے اعداد 110 کے مطابق ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اتوار کے دن ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھ کر اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف 110 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پھر 110 مرتبہ شاہ مرداں، شیر یزداں، قوت پروردگار۔ لافتی الاعلی لا سیف الا ذوالفقار پڑھے۔ انشاء اللہ جلد اثرات ظاہر ہوں گے، مگر مداومت شرط ہے۔



حصولِ دولت بذریعہ لاٹری (قرعہ اندازی)

ہندو پاک، امریکہ، یورپ میں روزانہ اشخاص لاٹری کے ٹکٹ خریدتے ہیں مگر ان میں صرف کچھ ہی ایسے خوش قسمت ہوتے ہیں جن کے نام لاٹری کھلتی ہے۔ یہاں پر لاٹری حاصل کرنے کا ایک عمل تحریر کیا جاتا ہے۔ اس عمل میں کامیابی قسمت پر منحصر ہوتی ہے۔

جس دن لاٹری کا ٹکٹ خریدنا ہو اس دن علی الصبح غسل کریں۔ قرآن پاک سے سورۃ واقعہ کی تلاوت کریں اور پرائز بانڈ کا نمبر لا کر سورۃ واقعہ میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہو سکے گی، لیکن پرائز بانڈز کے نمبرز آپ کی تاریخ پیدائش کے اعداد کے مطابق ہوں۔

اپنے اعداد اپنی صحیح تاریخ پیدائش سے نکالیں، ان اعداد کو اعداد قسمت کہتے ہیں۔ ان میں بھول ہونے پر آپ فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جائیں گے۔

ٹوٹکہ مال فروخت کیلئے

جن کاروباری بھائیوں کا مال لاکھ کوشش کرنے کے بعد بھی فروخت نہیں ہو رہا ہے یا کسی شخص کے لاکھ کوشش کرنے پر بھی گھر میں خوشحالی نہیں ہو رہی ہے تو وہ مندرجہ ذیل ٹوٹکہ کو عمل میں لائیں۔

عروج ماہ کی جمعرات سے عمل شروع کر کے ہر جمعرات کو بلا رکاوٹ عمل کریں۔

عمل: گھر یا کاروباری جگہ کے صدر دروازہ کے ایک کونے کو عرق گلاب سے دھو لیں اور اس کے بعد ہلدی سے ۷۸۶ کا نشان بنائیں۔ اس پر چنے کی دال اور تھوڑا سا گڑ رکھ دیں، اس کے بعد اس کا نشان کو بار بار نہ دیکھیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کے مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور گھر میں ہر طرح کی خوشحالی ہو جائے گی۔

نئے مکان میں خوشحالی و دولت کیلئے

نیا مکان بنوا کر یا نیا کاروبار یا دکان کر کے مختلف پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ وہ اپنا نیا مکان فروخت کر دیتے ہیں اور دکان و کاروبار کو ختم کر دیتے ہیں۔ ایسے اشخاص کی دولت بھی ختم ہو جاتی ہے اور بلا وجہ محنت بھی ضائع ہو جاتی ہے اور رسوائی الگ سے ملتی ہے، اس لیے آپ جب بھی نیا مکان بنوائیں تو اس مکان کی بنیاد میں مندرجہ ذیل چیزیں رکھ دیں یا کاروباری جگہ پر دفن کر دیں۔ میرا تجربہ ہے کہ یہ چیزیں فائدہ پہنچانے کے ساتھ ساتھ ٹونے ٹوٹکوں سے بچاؤ بھی کرتی ہیں۔ اس عمل میں مندرجہ ذیل چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

(1) تانبہ کی لٹیا معہ ڈھکن (2) چاندی کا سانپ سانپنی کا جوڑا
(3) چاندی کا ایک چھوٹا سا پترا چوکور (4) پانچ چھوٹی سپاریاں
(5) ہلدی کی سات ثابت اور صاف گانٹھیں

ان سب چیزوں کو تانبہ کی لٹیا میں پاک و صاف پانی بھر کر ڈال دیں۔ اس کے بعد اس پر اچھی طرح ڈھکن لگا دیں۔ اب یہ برتن صدر دروازہ کے مغرب کی طرف دفن کر دیں۔ اگر ممکن ہو سکے تو کسی عامل کامل سے رائے لے لیں۔ یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔


اچانک اور غیر متوقع دولت حاصل کرنے کیلئے

اگر آپ کسی وجہ سے پریشان ہیں، بغیر روپے کے آپ کو طرح طرح کی پریشانیاں برداشت کرنی پڑ رہی ہیں تو آپ مندرجہ ذیل عبارت اکیاون ہزار مرتبہ پڑھ کر تسخیر کر لیں۔ پھر اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کو اچانک کسی بھی ذریعہ یا پرائز بانڈز وغیرہ سے غیر متوقع دولت حاصل ہوگی۔ عبارت یہ ہے:

بیٹھے چبوترے پڑھے قرآن
ہزار کام دنیا کا کرے ایک کام میرا کر نہ
کرے تو ایک لاکھ چودہ ہزار پیغمبر کی دھائی

حصول یابی وراثت


کئی مرتبہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وراثت میں آنے والی جائیداد ہونے کے باوجود بھی کسی نہ کسی وجہ سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس کی مختلف مخفی



وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ایسے حالات ہونے پر وراثت کی حصول یابی کے لیے مندرجہ ذیل عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

جو شخص وراثت کی جائیداد کو حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ شخص بروز پیر سفید چتبری رنگ کی کوڈی کو باریک پیس لیں اور اس کوڈی کے سفوف کو اس شخص کے صدر دروازے پر ڈال دے، جس شخص سے وراثت کی جائیداد حاصل کرنی ہے۔ اس عمل کو وقفہ وقفہ کے ساتھ کئی مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کے اثر سے اس شخص کو وراثت کی جائیداد حاصل ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

دولت حاصل کرنے کیلئے



ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے دکھی پریشان ہے، گھر میں عیش و عشرت کے سامان دیکھنا چاہتا ہے، کوئی کاروبار میں حسب منشاء ترقی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہے، کوئی روزگار یا نوکری نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہے تو ایسے متاثرہ شخص کو چاہیے کہ سعد وقت یا شرف قمر میں اوپر بنائے گئے نقش کو زعفران سے لکھ کر بخور کی دھونی دے کر شیشہ کے فریم یا کسی اور محفوظ جگہ پر کر لگائیں۔ اس کے اثر سے مطلوبہ شخص کی دلی مراد ہر حالت میں پوری ہوگی۔ یہ نقش آپ کی قسمت کو پلٹ دے گا، زندگی کی ہر ضروریات پوری ہونے لگیں گی، گھر میں آرام و سکھ اور کاروبار میں ترقی و برکت ہوگی۔

مال فروخت کی زیادتی

ہمارے ملک کا کاروباری طبقہ عام طور پر فروخت کم ہونے یا بندش ہونے پر زیادہ فکر مند رہتا ہے۔ اگر ایسا شخص اس طرح کی پریشانی میں مبتلا ہے تو وہ مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کریں۔

بروز اتوار عرقِ گلاب لے لیں۔ اس پر چھ چھ مرتبہ یا رحمٰن یا رزاق پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد اس عرقِ گلاب کو دفتر یا دکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دیں۔ اس کے بعد تھوڑے سے ثابت کالے اڑد لے کر ان پر گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دم کر کے دفتر اور دکان میں چاروں طرف پھینک دیں۔ اس عمل کے کرنے سے دکان میں مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور بے انتہا منافع ہونا شروع ہو جائے گا۔ عبارت یہ ہے:

بھنور دیر تو چیلا میرا، کھول دکان کھا کر میرا، اُٹھے جو ڈنڈی بکے جو مال، بھنور دیر سوں نہیں جائے۔

نظرِ بد کیلئے نعل

اگر آپ کسی دکان یا مکان کے صدر دروازہ کو غور سے دیکھیں تو ایک لوہے کی نعل جو گھوڑوں کے کھر میں لگائی جاتی لگی ہوئی صاف نظر آئے گی۔ اس نعل کا استعمال کاروبار یا مکان کو نظر بد سے یا ٹونے ٹوٹکے سے بچاؤ کے لیے کیا جاتا ہے۔

اس کام کے لیے عام طور پر غلطی سے کوئی بھی نعل کسی بھی دن لگا دی جاتی ہے۔ جبکہ اس کے لگانے کا قانون یہ ہے کہ نعل صرف گھوڑے کی ہو۔ اس کے لیے گھوڑے کی نعل لے کر اس کو پاک پانی یا عرقِ گلاب سے دھولیں۔ اگر کاروباری جگہ یا مکان کا منہ مشرق کی جانب ہو تو بروز منگل اور اگر جنوب کی جانب ہو تو اس نعل کو بروز جمعہ لگائیں اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نعل کا کھلا منہ نیچے کی جانب ہو۔ اس طرح اس عمل کے اثر سے کاروبار یا مکان کو نظر بد و ٹونہ ٹوٹکے سے تحفظ حاصل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ادارہ آئینہ قسمت سے نقش اسم اعظم منسوب باب العلم مشکل کشا' بھی تحفتاً حاصل کر کے گھر میں یا صدر دروازہ پر لگانے سے گھر میں خوشحالی و برکت رہے۔



آئینہ قسمت
اپریل 2013ء

از تحریر: ڈاکٹر نیر عباس علوی، لاہور

کرشمات صدری عملیات

مالِ کثیر حاصل کرنے کا مجرب عمل

۷۸۶

۱۲۸/۱۱۸/۱۳۵/۱۱۰/۹۲/۶۶

اجب یا جبرائیل بحق یا اللہ

یا اللہ ۶۶	یاولی ۴۶	یانافع ۲۰۱
۴۸	۲۰۰	۶۵
۱۹۹	۶۷	۴۷

شعفائیل — کہیعص — حمعسق — اجب یا عزرائیل بحق یا رحمن

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

الٰہی بحق چہاردہ معصومین علیہم السلام
فلاں بن فلاں کو غیب سے کثیر مال و
دولت عطا فرما بحق یا اللہ یا وَلیُ یا نافع

نیاز عمل:

یہ نقش اپنی مثال آپ ہے، رزق کے سلسلے میں انتہائی اہم ہے۔ اسلام کی بنیادی کامیابی جنگِ بدر سے حاصل ہوئی، جس میں مجاہدین اسلام کی تعداد 313 تھی۔ جس کا مفرد عدد 7 ہے۔ جو جناب حضرت ابوالفضل العباس علمدار حسین علیہ السلام کے نام کے اعداد 133 کا ہے۔ جو ہر ذی شعور آدمی کے لیے مخفی نہیں ہے۔ جنگ کربلا بھی حق و باطل، مومن و منافق کے درمیان تمیز کی، جنگ تھی غیرت عزت نفس اور بارگاہ خداوندی میں قربانی جان و مال کی جنگ ہے۔ جس میں قلیل مقدار نے کثیر لشکر نفاق پر وہ کامیابی حاصل کی کہ حق حسینؑ اور بدی یزیدؑ کا مقدر بن گئی۔ شہداء کربلا کے نام پر نیاز دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ کھیر پکا کر باوضو تقسیم کی جائے، بہت فائدہ ہوگا۔

بخور عمل:

بوقت تحریر نقش اچھی سی اگربتی ضرور سلگائیں۔ اگر ہر اگربتی پر 11 بار۔ وَاِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُم جَبَّارِیْن۔ پڑھ کر دم کر کے جلائیں تو جنات کی بندش کے سبب مال کی رکاوٹ کھل جاتی ہے۔

روحانی سیاہی:

زعفران میں عرقِ گلاب و روح کیوڑہ ملا کر سیاہی بنائیں اور اس پر 313 بار یَا وَلِیُ یَا نَافِعُ یا اللہ پڑھ کر دم کریں۔ اس سیاہی سے لکھا گیا نقش یقیناً پُر تاثیر ہوگا۔ ضرور سیاہی بنائیں۔

روحانی قلم دوات:

تازہ پھل دار درخت کی قلم بنائیں اور اس پر انہی اسماء کا 313 بار ورد کریں اور انہی اسماء اعظم کی تکسیر جفری کریں۔ یہ نقش اس کی پشت پر لکھیں، یہ ایسا راز ہے جو اس کو پا گیا۔ یقیناً دست غیب کا حق دار ہوگا، مولا کامیابی عطا کرے۔

تکسیر جفری:

ا	ل	ل	ھ	و	ل	ی	ن	ا	ف	ع
ع	ا	ف	ل	ا	ل	ن	ھ	ی	و	ل
ل	ع	و	ا	ی	ف	ھ	ل	ن	ا	ل
ل	ل	ا	ع	ن	و	ل	ا	ھ	ی	ف
ف	ل	ی	ل	ھ	ا	ا	ع	ل	ن	و
و	ف	ن	ل	ل	ی	ع	ل	ا	ھ	ا

بقیہ صفحہ نمبر 23 پر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم صل علی محمد
وعلی ال محمد کما صلیت
علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم
انک حمید مجید
اللھم بارک علی محمد وعلی
ال محمد کما بارکت علی
ابراھیم وعلی ال ابراھیم
انک حمید مجید

از انتخاب: حافظ سید محسن علی زنجانی

درود شریف کے فوائد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوۡلُ اللّٰہ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں

درودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ۔

حدیث مبارک ہے کہ جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت کی راہ بھول گیا۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ۔

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

درود و سلام پڑھنے سے اللہ کریم کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ (القرآن)

درود حل المشکلات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَ بَارِکۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدۡ ضَاقَتۡ حِیۡلَتِیۡ وَ اَدۡرِکۡنِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ۔

حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جو شخص میرے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا ہے جب تک اس کتاب میں میرا نام موجود ہے، فرشتے اس کے گناہوں کی معافی اور رحمت کی دعا کرتے رہیں گے۔

درودِ خاص

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡکَ یَا مُحَمَّدُ نُوۡرٌ مِّنۡ نُّوۡرِ اللّٰہ۔

کوئی رنج یا مصیبت آجائے تو صدقِ دل سے اس درود پاک کو پڑھنے سے ہر قسم کی مصیبتیں، تکلیفیں اور رنج و غم ختم ہو جاتے ہیں۔

خزینہ فضائل و برکات

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ وَ اٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّ سَلَامًا عَلَیۡکَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ۔

یہ درود شریف ہر نماز خصوصاً نماز جمعہ کے بعد مدینہ منورہ کی جانب منہ کر کے 100 مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں۔

چھ لاکھ درود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیۡ عِلۡمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلۡکِ اللّٰہ۔

شیخ الدلائل سید علی بن یوسف علیہ الرحمہ نے حضرت جلال الدین سیوطی سے روایت کی ہے کہ اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

فتنہ اور تنگ دستی دور کرنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدۡ ضَاقَتۡ حِیۡلَتِیۡ

اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

یہ درود پاک مفتی دمشق علامہ حامد قوی عماری علیہ الرحمہ سے نقل کیا گیا ہے کہ فتنہ وفساد اور تنگی دور کرنے کے لیے بہترین نسخہ ہے۔

روحانی تربیت کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّ نَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

دعا میں جب تک نبی کریم ﷺ پر درود شریف نہ بھیجو گے تب تک دعا زمین اور آسمان کے درمیان لٹکی رہے گی۔

منہ کی بدبو زائل کرنے کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

یہ درود پاک ایک ہی سانس میں گیارہ گیارہ بار پڑھنے سے بدبودار چیزیں کھانے سے منہ میں پیدا ہونے والی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

درود اسم اعظم

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَ سَلَّمَا نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا۔

یہ درود شریف کم از کم سو مرتبہ روزانہ پڑھنا معمول بنا لیجیے، پھر اس کی برکات دیکھیے کہ دین و دنیا کے ہر کام میں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ ناکامی باد خزاں بھی دور سے بھی نہیں گزرے گی۔

درود خضری

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

یہ ایسا درود پاک ہے کہ نہ فقط روضہ نبی کریم ﷺ کی حاضری نصیب ہوتی ہے بلکہ مراد دینی پائی جاتی ہے اور محبت میں یقیناً اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ فی الحقیقت درود خضری ایک بڑی نعمت ہے۔

صلوٰۃ الرؤف الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ عَدَدَ کُلِّ حَادِثٍ وَّ قَدِیْمٍ۔

یہ درود شریف بزرگ ترین الفاظ سے ہے، اسے بکثرت پڑھنا چاہیے۔

درود جملی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مہم یا پریشانی یا مصیبت میں ہو وہ درود پاک کو ہزار مرتبہ محبت و عشق سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت ٹال دے گا اور ان کو اپنی مراد میں کامیاب کر دے گا۔

درود نور

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حدیث شریف نقل ہے کہ تمہارا مجھ پر درود پڑھنا تمہاری دعاؤں کی حفاظت کرنے والا ہے اور تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے۔

درود ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والا ایک آدمی دیکھا۔ وہ چین کا لوہار تھا، جب میں نے ان سے ملاقات کی اور دعا کے لیے درخواست کی تو مجھ کو عجیب و غریب فائدہ حاصل ہوا۔

شفاعت رسول ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ

الْقِيَامَةِ۔

حضرت رویفع رضی اللہ عنہ بن ثابت انصاری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس درود پاک کو پڑھے اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

80 برس کے گناہ معاف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر 80 مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے 80 برس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

برائے کشادگی رزق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَصَلِّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

دفع نسیان کا نسخہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَ عَدَدَ كَمَالِهٖ۔

دفع نسیان کے لیے یہ درود شریف مغرب اور عشاء کے درمیان کسی مدد معین کے بغیر پڑھیں۔

درود شافعی شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ۔

امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی نے امام شافعی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے آپ سے کیا معاملہ کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ اس درود شریف کی برکت سے مجھے تعظیم و احترام کے ساتھ جنت میں لے جایا گیا۔

درود برائے مغفرت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ

فضیلت تاجدار عرب و عجم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے۔ اگر کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے اور اگر بیٹھا ہے تو اٹھنے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

حدیث شریف ہے کہ:

مولا یا صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے، اس کے دس درجے بلند کرتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔

بقیہ: آثار القرآن

حضرت حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ جو شخص اَعُوْذُ بِاللّٰهِ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے اور شیطان کے درمیان تین سو حجاب حائل کر دیتا ہے۔ جیسا کہ آسمان اور شیطان اس کی طرف آنے کا راستہ نہیں پاتا۔

ابوذرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا انسانوں میں بھی شیطان ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں انسانوں کا شیطان جنوں کے شیطان سے زیادہ شریر ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ جب مومن شخص اَعُوْذُ بِاللّٰهِ پڑھتا ہے تو شیطان کہتا ہے کہ تو نے میری پیٹھ توڑ دی، اب مجھ میں طاقت نہیں۔

آج بھی اس زمانے میں جب کہ انسان کے عقائد و اعمال درست نہیں ہے، غذا درست نہیں ہے، اخلاق درست نہیں ہیں۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھنا اتنا ہی موثر ہے جتنا کہ سابق دور میں تھا۔ اس کلمہ کا اثر فوری ہوتا ہے اور کبھی فیل نہیں ہوتا۔ جس شخص کو دوسروں سے تکلیف پہنچتی ہے یا کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہو تو یہ کلمہ پڑھ کر اس کی طرف دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ اس کے ضرر سے محفوظ رہیں گے۔

آثار القرآن
خواص و فضائل اعوذ باللہ

از انتخاب: سید مصور علی زنجانی

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی عظمت اور بزرگی والی کتاب ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات برگزیدہ اور عظمت والی ہے۔ اسی طرح اس کی کتاب بھی ہر قسم کی غلطیوں سے پاک اور عظمت والی ہے۔

فرمانِ خداوندی ہے:

ترجمہ: اگر یہ کتاب پہاڑوں پر نازل ہوتی تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتے اور ساتھ ہی اس میں اتنی شیرینی ہے کہ اسے پڑھ کر آنکھیں نم آلود ہو جاتی ہیں اور ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کا مطلب دروازہ کھٹکھٹانا اور دخول کے لیے اجازت طلب کرنا ہے۔ کیونکہ جو شخص بادشاہ کے دروازے پر جاتا ہے تو اس کی اجازت کے بغیر داخل نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح جو شخص قرآن مجید پڑھنے کا ارادہ کرتا ہے تو اپنی زبان کے ساتھ مناجات میں داخل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا زبان کی طرف جو فضول کلام سے ناپاک ہو گئی تھی محتاج ہوتا ہے۔ پس وہ اعوذ باللہ سے زبان کو پاک کر کے قرآن کریم کی تلاوت کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

قرآن پاک کے پارہ 14 میں ارشادِ خداوندی ہے کہ:

فاذا قرات القرآن فاستعذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

ترجمہ: تو جب تم قرآن پڑھو تو اللہ کی پناہ مانگو شیطان مردود سے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ شیطان کیا ہے؟ جس سے پناہ مانگنا ضروری خیال کیا گیا ہے، آئیے دیکھتے ہیں۔

شیطان کی حقیقت:

شیطان شطن سے بنا ہے جس کے معنی متحرک، دراز اور دور ہونا کے ہیں۔ شیطان چونکہ خیر سے دور اور شر کے اندر طویل و متحرک ہوتا ہے، اس لیے ہر بری چیز شیطان کے مشابہ ہوتی ہے۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ شیطان بڑے بدصورت سانپ ہوتے ہیں۔ گھوڑے کی گردن کے بالوں کو بھی شیاطین کہتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ شیطان ایک مشہور گھاس کا نام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو نافرمانی اور حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے اپنی بارگاہ سے لعنت کے ساتھ نکال دیا۔

شیطان اللہ تعالیٰ سے دور، بھلائی سے دور، جنت سے دور اور دوزخ کے بہت قریب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور اس کی امت کو شیطان سے پناہ مانگنے کا حکم دیا ہے تاکہ وہ دوزخ سے دور اور جنت کے نزدیک ہو جائیں۔

ارشادِ خداوندی ہے:

ترجمہ: اے میرے بندے! شیطان مجھ سے دور ہے اور تو میرے قریب ہے۔ لہٰذا ہر حال میں حسن ادب کو ملحوظ رکھ۔ یہاں تک کہ شیطان کا تجھ پر داؤ نہ چلے اور وہ کسی طرح تجھ پر قابو نہ پا سکے۔

جب رسول اللہ ﷺ کو پناہ طلب کرنے کا حکم دیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فاذا اقرات القرآن تا الخ آیت نازل فرمائی۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب تم قرآن پڑھنے کا ارادہ کرو تو تعوذ پڑھو یعنی اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھا کرو۔ ابن عباس مزید فرماتے ہیں کہ شیطان کے لیے تعوذ پڑھنے سے زیادہ اور کوئی چیز سخت نہیں ہے۔

ارشادِ خداوندی ہے:

ترجمہ: جو لوگ اللہ پر ایمان لائے ہیں اور اس پر بھروسہ رکھتے ہیں شیطان کا ان پر قابو نہیں چل سکتا۔ شیطان کا قابو ان لوگوں پر ہوتا ہے جو اس سے دوستی رکھتے ہیں۔ وہ انہیں ان کے دین سے بہکا دیتا ہے۔ شیطان کا تسلط ان لوگوں پر بھی ہوتا ہے جو اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک

ٹھہراتے ہیں۔

شیطان کن چیزوں سے ڈرتا ہے:

وہ چیز جس سے شیطان ڈرتا ہے وہ یا تو استعاذہ ہے یا عارفوں کے دلوں کی نور معرفت کی شعاع ہے۔ اگر تمہارا تعلق عارفوں سے نہیں ہے تو تم پر متقیوں کا استعاذہ لازم ہے یہاں تک کہ تم عارفوں کے درجہ تک پہنچ جاؤ۔ جب تم عارفوں میں سے ہو جاؤ گے تو تمہارے دل کی نورانی شعاع شیطان کی شان و شوکت توڑ ڈالے گی۔ اس کے شر کو نیست و نابود کر دے گی۔ اس کے اثرات فنا ہو جائیں گے اور تمہاری ذات کے اندر اس کا جو لشکر کارفرمائی کے لیے موجود ہے اس کے پاؤں اکھڑ جائیں گے۔ پھر ایسا ہو گا کہ تم اپنے بھائیوں اور پیروؤں کے لیے نگہبان بن جاؤ گے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر فاروقؓ کے بارے میں فرمایا:

اے عمر! شیطان تمہارے سایہ سے بھاگتا ہے۔ آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جس وادی سے عمر گزرتے ہیں، شیطان اس وادی کو چھوڑ کر دوسری وادی میں چلا جاتا ہے۔

شیطان جب کسی بندے میں اتنی عداوت اور مخالفت کی تصدیق کر لیتا ہے اور بندے کی سچائی اس پر ظاہر ہو جاتی ہے تو وہ مایوس ہو کر اسے چھوڑ دیتا ہے اور کسی دوسرے کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے لیکن پوشیدہ طریقے سے چھپتا چھپاتا آتا ہے، اس کی دشمنی پرانی اور حقیقی ہے۔ وہ گوشت پوست میں خون کی طرح رواں دواں رہتا ہے۔

شیطان سے بچنے کی تدابیر:

جن کلمات کے ساتھ شیطان سے جنگ کرنے اور اس کو دور کرنے پر استقامت حاصل ہوتی ہے، وہ کلمہ اخلاص اور رب العزت کا ذکر کرنا ہے۔ رسول خدا ﷺ نے ارشاد ربانی کو نقل کرتے ہوئے فرمایا لا الہ اللہ میرا قلعہ ہے جو شخص یہ کلمہ کہے گا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا۔ جو میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا وہ ہر عذاب سے محفوظ ہو جائے گا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جس نے پورے اخلاص کے ساتھ لا الہ الا اللہ کہا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

شیطان عذاب کا وسیلہ ہے۔ بندہ جب کلمہ توحید پڑھتا ہے اور کلمہ توحید کے تقاضے یعنی واجبات کے ادا کرنے اور ممنوعات کے ترک کا لباس پہن لیتا ہے تو جب شیطان اسے یہ لباس پہنے دیکھتا ہے تو اس سے دور بھاگ جاتا ہے، پھر اس کے نزدیک آنے کی جرأت نہیں کرتا۔

شیطان سے مقابلہ کرنے کی ایک اہم صورت یہ بھی ہے کہ اللہ کے فضل کے علاوہ دنیا والوں سے کسی قسم کا طمع نہ رکھے۔ دنیا والوں کے مال کی نہ مدد کی نہ ان کی تعریف کی نہ ان کے جتھے اور گروہ کی اور نہ ان کے تحفہ و ہدایا کی۔ کیونکہ دنیا اور دنیا والے سب شیطان کی فوج اور اس کا جتھا ہیں۔ دنیا میں آدمی اپنے مال کے ساتھ اور بادشاہ اپنے لشکر کے ساتھ ہوتا ہے، لہٰذا بندے پر لازم ہے کہ وہ ہر ایک سے امید منقطع کرے۔ اللہ پر توکل اور بھروسہ کر کے ہر ایک سے بے نیاز ہو جائے، اپنے تمام معاملات اور تمام حالات میں صرف اللہ کی طرف رجوع کرے۔ حرام اور حرام کے شبہ سے بھی گریز کرے۔ مخلوق کا احسان نہ لے، مباح اور حلال چیزوں کے استعمال میں بھی کمی کر دے۔ خواہش نفس اور حرص کے ساتھ کھانا نہ کھائے۔

جو شخص اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ اس کا کھانا کہاں سے آتا ہے۔ حلال یا حرام سے تو اللہ بھی اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ اس کو دوزخ کے کون سے دروازے سے داخل کرے۔ لہٰذا انسان کو چاہیے کہ ان تمام باتوں کا خیال رکھے اور ان پر اس طرح کاربند ہو کہ شیطان اس سے ناامید ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور کرم سے محفوظ ہو جائے۔ اگر انسان نے ان باتوں پر عمل نہ کیا تو شیطان اس کے سینے اور دل پر سوار ہو گا۔

ارشاد خداوندی ہے کہ جو شخص رحمٰن کے ذکر سے غافل ہو جاتا ہے، ہم اس پر شیطان مسلط کر دیتے ہیں۔ پس شیطان اس کا ساتھی بن جاتا ہے، کبھی نماز میں وسوسہ ڈالتا ہے اور کبھی ایسی نفسانی خواہشوں میں مبتلا کر دیتا ہے جو حرام یا مباح ہوتی ہے۔ بسا اوقات عمر کے آخری حصے میں انسان کا ایمان بھی چھین لیتا ہے۔ جس کے باعث وہ قیامت کے دن جہنم کے اندر فرعون، ہامان اور قارون کے ہمراہ ہو گا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے ایمان کے چھن جانے سے اور ظاہر و باطن میں شیطان کی پیروی کرنے سے پناہ مانگتے ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اپنی بارگاہ سے نکال دیا تو اس کی بائیں پسلی سے اس کی شیطان کی بیوی کو پیدا فرمایا۔ جس طرح حضرت حوا کو حضرت آدم علیہ السلام سے پیدا فرمایا تھا۔ پھر شیطان نے اس سے صحبت کی تو وہ حاملہ ہوگئی۔ اس عورت نے پھر 31 انڈے دیے، اس کی ساری نسل کی اصل یہی انڈے ہیں، پھر اس سے شیطان کی تمام ذریات پھیلی، جس سے سمندر اور خشکی بھر گئے۔ یہاں تک کہ ہر انڈے میں سے دس ہزار نر و مادہ پیدا ہوتے۔ جنہوں نے پہاڑوں، جزیروں، ویرانوں، جنگلوں، دریاؤں، چوراہوں الغرض دنیا کی تمام جگہوں کو بھر دیا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (تو کیا تم شیطان اور اس کی ذریت کو میرے سوا دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تم سب کا دشمن ہے اور ظالموں کے لیے کتنا بڑا بدلہ ہے) شیطان چونکہ انسان کا سب سے بڑا دشمن ہے، اسی لیے اس سے پناہ مانگنے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت عثمانؓ بن عاص نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ (میری نماز اور میری قرات میں شیطان خلل ڈالتا ہے) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا خنزب ہے۔ جب تم کو اس کا احساس ہو تو اللہ کی پناہ مانگو اور بائیں طرف تین بار دھتکار دو۔ حضرت عثمانؓ نے عرض کیا کہ میں نے ایسا ہی کیا اور اللہ نے اس کو مجھ سے دور کر دیا۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ہر کام شروع کرتے وقت اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگ لیا کریں، تاکہ شیطان کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔

خواص و فضائل:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پڑھنے سے انسان کو پانچ فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

1۔ دین و ہدایت پر استقامت
2۔ شیطان مردود کے شر اور فساد سے بچاؤ۔
3۔ اللہ تعالیٰ کی پناہ کے مضبوط قلعہ اور قرب کے مقام پر داخلہ
4۔ پیغمبروں، صدیقین، شہدا اور صالحین کے ساتھ مقام احسن تک رسائی۔
5۔ زمین و آسمان کے مالک کی امداد کا حصول

بعض کتب میں آیا ہے کہ جب شیطان مردود نے اللہ تعالیٰ سے کہا کہ میں تیرے بندوں کے آگے، پیچھے سے دائیں بائیں سے آؤں گا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ (مجھے اپنی عزت و عظمت کی قسم میں انہیں حکم دوں گا کہ وہ تیرے اغواء سے بچنے کے لیے میری پناہ میں آنے کی درخواست کریں۔ جب وہ مجھ سے یہ درخواست کریں گے تو میں اپنی ہدایت کے ذریعے دائیں جانب سے اور اپنی عنایت کے ذریعے بائیں جانب سے اور اپنی نگہداشت کے ذریعے پشت سے اور اپنی اعانت کے ذریعے اُن کے سامنے کی حفاظت کروں گا۔ اے ملعون! تیرا بہکانا انہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گا)۔

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب بندہ ایک مرتبہ اللہ کی پناہ مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ دن بھر اس کی حفاظت فرماتا ہے۔ آپ ﷺ نے مزید فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کر کے گناہوں کے دروازوں کو مقفل کر دو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ مومن کو گمراہ کرنے کے لیے ابلیس روزانہ 360 لشکر بھیجتا ہے۔ جب مومن اللہ کی پناہ مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کی طرف 360 مرتبہ نظر فرماتا ہے۔ ہر مرتبہ نظر فرمانے سے شیطان کا ایک لشکر تباہ ہو جاتا ہے۔

اہل معرفت کا قول ہے کہ یہ کلمہ مقربین کا وسیلہ اور مخلصین اعتصام کی امید ہے اور خدا تعالیٰ کے قول واذا قرات القرآن فاستعذ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ کا اتباع ہے۔ اس حکم میں تین قسم کے کلمات ہیں:

صفاتیہ فعالیہ ذاتیہ

امام رازی علیہ الرحمہ نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ شرور نفسانیہ کی کئی قسمیں ہیں۔ بعض شر تو وہ ہیں جو اعتقادات میں ہیں اور اس قسم میں تمام مذاہب باطلہ اور بہتر گمراہ فرقوں کے عقائد میں داخل ہیں اور بعض بدنی اعمال کے شرور ہیں جو دین میں ضرر رساں ہوتے ہیں۔ بعض ایسے ہیں جو دین میں تو ضرر نہیں دیتے لیکن بدن کو ضرر ضرور دیتے ہیں۔ جن سے امراض آلام، آگ میں جلنا، فقیر ہونا، اندھا ہونا وغیرہ وغیرہ مصائب جو بے انتہا ہیں، شامل ہیں اور اَعُوْذُ بِاللّٰهِ ان تینوں قسم کے شرور سے پناہ مانگنے کے لیے ہے۔ لہٰذا عاقل کو چاہیے کہ پناہ مانگنے کے لیے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ پڑھنا سنت ہے۔ بقیہ صفحہ نمبر 27 پر

تحفظ نحوست زحل کے دائمی (اپائے) روحانی تدارک

(1) سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے سورۃ قمر کا خالی البطن نقش بنائیں۔ اعداد سورہ قمر: **120450**

۷۸۶

۳۰۱۱۱	۸۰۳۰۲	۱۰۰۳۷
۷۰۲۶۵	مجھے میری ماں کی دعا ہے	۵۰۱۸۵
۲۰۰۷۴	۴۰۱۴۸	۶۰۲۲۸
نام ماں بنت نام نانی لکھیں۔		

نقش دو نفل حاجت ادا کر کے باپرہیز گلے میں پہنیں یا پھر اپنے والٹ میں بھی رکھ سکتے ہیں۔

(2) مشہور زمانہ نقش پندریہ **(15)** لکھیں۔ یہ نقش اماں حوا سے منسوب ہے۔ جو سب کی ماں ہیں۔ اس نقش کی سوا لاکھ زکوٰۃ ادا کردی جائے اور آتشی، خاکی، بادی، آبی چالوں کا استعمال سمجھ میں آ جائے تو یہ نقش دنیا کے ہر مقصد کے لیے کام آتا ہے۔ بروز منگل طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نام بمعہ والدہ مقصد لکھیں، باپرہیز پاس رکھیں یا رکھنے کے لیے دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

(3) مشہور زمانہ نقش **(9)** کی انگوٹھی یا نقش لکھیں۔ یہ عدد جناب ''فاطمہؑ'' کے اعداد **135** کا مفرد ہے۔ یہ نمبر علم الاعداد میں سب نمبروں کا سردار نمبر ہے اور زحل کے نمبر 8 پر 9 کا ہندسہ بھاری ہے۔ تحفظ زحل کے لیے نقش 9 کا پہننا، پاس رکھنا مفید ہے۔ بشرطا اسے شرف مریخ یا پھر ساعت مریخ میں کندہ کریں۔ یہ ساعت ہر روز آتی ہے۔

۷۸۶

۹	۹	۹
۹	۹	۹
۹	۹	۹

(4) جو شخص ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ علیہا السلام پڑھے۔ اس سے پہلے کہ اپنے پاؤں پھیلائے۔ اللہ اس کے لیے بہشت واجب کر دیتا ہے۔ (فلاح السائل، ابن طاؤس، صفحہ 165)

تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا کی ترتیب یہ ہے:

34 مرتبہ اللہ اکبر، 33 مرتبہ الحمدللہ، 33 مرتبہ سبحان اللہ

اگر اس کے بعد صلوات پڑھیں تو بہت زیادہ ثواب ہے۔

تسبیح فاطمہ علیہا السلام کی اہمیت کے حوالہ سے ایک روایت میں امام جعفر صادقؑ کا ارشاد گرامی منقول ہے۔ آپؑ نے فرمایا:

"اذا شککت فی تسبیح فاطمۃ الزہراء علیہا السلام فاعدہ"

جب تسبیح فاطمہ علیہا السلام کی تعداد میں شک ہوجائے تو اس کا اعادہ کرو۔

(5) جناب سیدہؑ کے نام باپرہیز لکھ کر پاس رکھیں۔ سب غم دور ہوں گے۔ باوضو مشک زعفران سے لکھیں۔ سیدہ فاطمہؑ فرماتی ہیں۔

کائنات کی سب سے افضل ماں فرماتی ہیں۔ میں اس کی بیٹی ہوں جو

میرے پروردگار سے اتنا قریب ہوا کہ اس کے اور رب کے درمیان قوسین سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔

سیّدہ عالم فاطمہ بنت النبی سلام اللہ علیہا کے القاب بہت زیادہ ہیں۔ ان میں سے پیش خدمت ہیں، جو مجھے معلوم ہیں۔

الزهراء، البتول، الحوراء، ام ابيها، ام الأمة، ام المعصومين، ام الابرار، ام الاخيار، ام الانوار، بضعة الرسول، بهجة النبى، التقية، الجلية، حبيبة المصطفٰى، حجاب الله، حجة الله، درة التوحيد، الدعوة المستجابة، الراضية، الرشيدة، ريحانة النبى، زجاجة الوحى، الزكية، سماء الكواكب الدرية، سيّدة نساء العالمين، سيّدة نساء اهل الجنة، سيّدة نساء الامة، سيّدة نساء الاولين والآخرين، السيّدة، الشفيعة، الشمس المضيئة، الشهيدة، الصابرة، الصادقة، الصديقة، الصدف الفخار، الصديقة الكبرىٰ، الطاهرة، المطهرة، العارفة، العالمة العالية، العذراء، العروة الوثقىٰ، العفيفة، العقيلة، الفاضلة، الزاهدة، العابدة، القانعة، قرة عين الرسول، الكريمة، الكلمة الطيبة، الكوثر، الكوكب الدرى، ليلة القدر، المباركة، المبشرة، المتهجدة، المحدثة، المرضية، الراضية، مريم الكبرىٰ، مشكوٰة الانوار، المضطهدة، المظلومة، المعصومة، المغصوبة، الممتحنة، المنصورة، محجة قلب المصطفٰى، الميمونة، النبيلة، النورية، المكرمة۔

سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔ اپنی ساعت قمر میں لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے گھر، آفس میں لگائیں۔

اپنے والٹ میں بھی با پرہیز رکھ سکتے ہیں۔

(6) مولا مشکل کشاء امام علیؑ فرماتے ہیں:

و انا ولد الحضات۔


میں پاکدامن ماؤں کا بیٹا ہوں۔

خاتونِ جنت سیّدہ فاطمہؑ فرماتی ہیں:

انا بنت الصالحات و المؤمنات۔

میں نیک صالح ماؤں کی بیٹی ہوں۔

زحل سے منسوب نمبر 8 ہے۔ آپ 8 مرتبہ 8 لکھیں اور ہر نمبر 8 میں علیؑ و فاطمہؑ لکھیں۔



اس کا روحانی فلسفہ یہ ہے کہ علیؑ کے نمبر **110**

فاطمہؑ کے نمبر **135**

245

245 کا مفرد نمبر **2** بنتا ہے۔ جو چندر ماں (قمر) سے منسوب ہے۔ یہ نقش با پرہیز لکھ کر گلے میں پہن سکتے ہیں۔ سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

(7) سورۃ کوثر اعداد (**2745**) پوری یا اس کا نقش لکھ کر با پرہیز پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸۶

۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں تحفظ نحوستِ سیارگان نام بمعہ والدین لکھیں۔	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

سورۃ الکوثر آیت انّا اعطینک الکوثر یقیناً ہم نے آپ کو کوثر عطا کی۔ یہ آیت مبارک سیّدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی شان میں اُتری۔ سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

(8) آخری نقش محمدؐ علیؑ کا پیش خدمت ہے۔ یہ نقش اعداد **404** کا ہے جس کے مفرد نمبر **8** ہیں، جو زحل سے منسوب ہے۔

(9) الحاج شہزادہ سیّد حافظ محسن علی زنجانی کا تیار کردہ تحفظ نحوست زحل کے لیے "لوح محفوظ" ادارہ سے تیار شدہ مفت بھی طلب کر سکتے ہیں۔ سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو دو نفل تحفظ نحوست زحل ادا کر کے دعائیں کر کے گلے میں بازو پر ہیز پہنیں۔

نوٹ: یہ دائمی سدابہار آسان نقوش کبھی بھی بنائے جاسکتے ہیں۔ یہاں آج ان کا ذکر شرف زحل یا عکس شرف زحل کے حوالہ سے ہے۔ ان نقوش کو 15 نومبر صبح 5 بجے تا 25 نومبر صبح 6 بجے پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بروز پیر یا ہفتہ طلوع آفتاب کے بعد یا ان تواریخ میں ساعت قمر میں بنا سکتے ہیں۔

علیؑ

محمدؐ	علیؑ	محمدؐ	علیؑ
علیؑ	محمدؐ	علیؑ	محمدؐ
علیؑ	محمدؐ	علیؑ	محمدؐ
محمدؐ	علیؑ	محمدؐ	علیؑ

نقش لکھنے کی چال

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰



حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا تو اُسے حق ہوگا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لئے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضا علیہ السلام)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرف مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کیلئے تیار کرنیکی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ قبل ازیں پانچ روپے کے شرف مشتری کے نوٹ کو **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کر کے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیضیاب کیا۔ 12 سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق و دولت لاتی ہیں۔ انہی ساعتوں کو عامل شاہ زنجانی نے آپ کیلئے سمیٹ لیا ہے۔ شرف مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔ اس نوٹ کی' کی (Key) اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔ تبھی شرف مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔ جس طرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ابجد قمری 786 ہیں اور مفرد 3 ہے۔ اسی طرح **اللہ** کے ذاتی نام کے اعداد 66 جس کا مفرد بھی 3 ہے۔ سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ روحانی تحقیق کے مطابق مشتری، اللہ، اولیاء اللہ، انبیاءؑ، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر 3 سے رابطہ ہمیشہ قائم رہا ہے۔ شرف مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کیلئے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لیکر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔ آپ اللہ سے تجارت کر کے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔ نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی 2 ہزار پچاس روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں ان کی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں 1900 روپے ہدیہ دیکر رسید کے ساتھ شرف مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائیگا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کے ساتھ 100 روپے کے علاوہ 50 روپے پوسٹ خرچہ